www.mashriqquetta.com.pk

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | ہفتہ 03 ربیع الثانی 1447ھ 27 ستمبر 2025ء، صفحات 08 | شمارہ 82

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | قیمت 35 روپے

افغانستان اپنی سرزمین سے ٹی ٹی پی، بی ایل اے سمیت تمام دہشتگرد گروپوں کا خاتمہ کرے

چار فریقی اجلاس کا اعلامیہ

چین، ایران، پاکستان اور روس کے وزرائے خارجہ نے افغانستان کے حوالے سے اپنی چوتھی چار فریقی میٹنگ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 80ویں اجلاس کے موقع پر روسی فیڈریشن کی دعوت پر منعقد کی

افغانستان سے پیدا ہونے والے دہشت گردی کے خطرات پر گہری تشویش کا اظہار، افغانستان کو ایک آزاد، متحد اور پرامن ملک کے طور پر دیکھنا چاہتے ہیں

ٹی ٹی پی، جیش العدل اور بی ایل اے دنیا کے امن کیلئے خطرہ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) روس، چین، پاکستان اور ایران نے افغانستان سے دہشت گرد گروہوں کے خاتمے کا مطالبہ کیا ایرانی خبر رساں ادارے پریس کی رپورٹ کے مطابق چین، ایران، پاکستان اور روس کے وزرائے خارجہ نے افغانستان کے حوالے سے اپنی چوتھی چار فریقی میٹنگ نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 80ویں اجلاس کے موقع پر روسی فیڈریشن کی دعوت پر منعقد کی۔ ایک مشترکہ بیان میں چاروں ممالک نے اس عزم ...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

رکن اسمبلی کیساتھ نامناسب رویہ، جی ایم پی ڈی اے کی طلبی

مولانا ہدایت الرحمن صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں قرارداد پیش کر رہے ہیں

پاک امریکا تعلقات میں اہم سنگ میل عبور، ٹرمپ شہباز ملاقات نے دنیا کی توجہ سمیٹ لی

امریکی کمپنیوں کو زراعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، معدنیات اور توانائی کے شعبوں میں سرمایہ کاری اور امریکی صدر کو دورہ پاکستان کی دعوت، اعلامیہ جاری

صدر ٹرمپ امن کے علمبردار ہیں انکی کوششوں سے بھارت جنگ بندی ممکن ہوئی، روابط دونوں ممالک کے لیے یکساں مفید ہوں گے، وزیراعظم کی گفتگو

نیویارک اور واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور امریکا کے درمیان دیرینہ تعلقات ایک اور اہم سنگ میل عبور کر گیا، وائٹ ہاؤس میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور وزیراعظم شہباز شریف کے درمیان خوشگوار ملاقات نے دنیا کی توجہ سمیٹ لی جبکہ وزیراعظم شہباز شریف نے امریکی کمپنیوں کو زراعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، معدنیات اور توانائی کے شعبوں میں سرمایہ کاری اور امریکی صدر کو دورہ پاکستان کی دعوت...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر



وزیراعظم شہباز شریف اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں پرجوش خطاب کر رہے ہیں

آئی ایم ایف کا گزشتہ مالی سال ٹیکس ہدف پورا نہ ہونے پر تحفظات کا اظہار

گزشتہ مالی سال 12ہزار 970ارب روپے کا ٹیکس ہدف پورا نہ ہوا، معاشی سرگرمیاں اور مقدمات ہدف پورا نہ ہونے کی وجہ قرار

250ارب سے زائد کا شارٹ فال، ایف بی آر نے 12.9 کھرب کے مقابلے میں 11.74 کھرب اکٹھے کیے

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان وسط مدتی اقتصادی جائزہ مذاکرات

اسلام آباد (شاکر رحمان) پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان ... ایف بی آر نے 12.9 کھرب روپے کے ہدف کے مقابلے میں 11.74 کھرب روپے جمع کیے ... گزشتہ مالی سال 12 ہزار 970 ارب روپے کے ٹیکس ہدف ... 250 ارب روپے ... 10.5 فیصد ... 1.4 فیصد اضافہ...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

سپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت اجلاس میں ...

صدر ٹرمپ بروقت مداخلت نہ کرتے تو جنگ کے نتائج تباہ کن ہوتے، پاکستانی عوام اپنے کشمیری بھائیوں کیساتھ ہیں، فلسطین اب مزید اسرائیلی بربریت کا متحمل نہیں ہوسکتا، شہباز شریف

بھارت سے جنگ جیت چکے، جامع اور نتیجہ خیز مذاکرات کیلئے تیار ہیں

وزیراعظم کا اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب

خطے میں امریکی صدر کی امن کی ترویج کیلئے غیر معمولی کوششوں کے اعتراف میں پاکستان نے انہیں امن کے نوبیل انعام کے لیے نامزد کیا، جنوبی ایشیا کو اشتعال انگیز کے بجائے فعال قیادت کی ضرورت ہے

مسلح افواج نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر کی قیادت میں بے مثال جرات کا مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن کے سات جنگی طیارے تباہ کیے، بھارت کشمیر سے غاصبانہ قبضہ ختم کرے

کشمیر کے عوام ایک دن اپنا بنیادی حق خودارادیت ضرور حاصل کریں گے، بھارت کی ہندوتوا، سمیت دیگر نظریات پوری دنیا کے لیے خطرہ ہیں افغانستان میں امن خطے کے امن کے لیے ضروری ہے

فلسطینی عوام کی حالت زار سب سے دل دہلا دینے والے المیوں میں سے ایک ہے، قطر میں اسرائیلی حملے کی بھرپور مذمت اور یوکرین تنازعے کے پرامن حل کی کوششوں کی حمایت کرتے ہیں، وزیراعظم

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے واضح کیا ہے کہ بھارت کے خلاف جنگ جیت چکے، جامع اور نتیجہ خیز مذاکرات کیلئے تیار ہیں، ڈونلڈ ٹرمپ نے بروقت اور فیصلہ کن مداخلت نہ کی ہوتی تو ایک مکمل جنگ کے نتائج تباہ کن ہوتے...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

پاک فوج اندرونی امن کیساتھ عالم اسلام کے مسائل پر نظر رکھے ہوئے ہے، ڈی جی آئی ایس پی آر

آپریشن بنیان مرصوص نے پاکستان کی ساکھ کو مضبوط کیا اور عالمی سطح پر ملک کا وقار بڑھایا ہے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

پاکستان کا مستقبل نوجوان، ملک کی ترقی اور استحکام کے لیے ان کا کردار بنیادی اہمیت رکھتا ہے جامعہ عروۃ الوثقیٰ لاہور کی طلبہ سے خطاب

راولپنڈی (زاہد احمد خان) ترجمان پاک فوج لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ پاک فوج کے ملک کے اندرونی امن کے ساتھ ساتھ عالم اسلام کے مسائل پر نظر رکھے ہوئے ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم، فیلڈ مارشل اور مارکو روبیو ہاتھ میں ہاتھ ڈالے نظر آئے

اوول آفس پہنچنے تک امریکی وزیر خارجہ نے وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کو کمپنی دی

واشنگٹن (م ڈ) ٹرمپ سے ملاقات سے قبل وزیراعظم، فیلڈ مارشل اور مارکو روبیو ہاتھ میں ہاتھ ڈالے خوش گوار موڈ میں نظر آئے وزیراعظم شہباز شریف امریکی...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ میں عبوری حکومت ٹونی بلیئر کی سربراہی میں قائم کی جائیگی

6 اسلامی ممالک نے رضامندی ظاہر کردی

سابق برطانوی وزیراعظم غزہ کی پٹی کی ایک عارضی انتظامیہ کی سربراہی کریں گے جس میں فلسطینی اتھارٹی کا عمل دخل نہیں ہوگا

منصوبے کو کیا کا نام دیا جاسکتا ہے، کسی ایسے منصوبے کی حمایت نہیں کرونگا جس کے نتیجے میں غزہ کے عوام کو بے دخل کیا جائے، ٹونی بلیئر

واشنگٹن (م ڈ) امریکا ایک ایسے منصوبے کی حمایت کر رہا ہے، جس کے تحت سابق برطانوی وزیراعظم ٹونی بلیئر غزہ کی پٹی کی ایک عارضی انتظامیہ کی سربراہی کریں گے اور اس عارضی انتظامیہ میں فلسطینی اتھارٹی (پی اے) کی براہ راست کوئی شمولیت نہیں برطانوی روزنامے دی گارڈین نے اسرائیلی میڈیا کے حوالے سے بتایا ہے کہ اس تجویز کے تحت ٹونی بلیئر ایک ادارے کی قیادت کریں گے، جسے 'غزہ انٹرنیشنل ٹرانزیشنل اتھارٹی' (جیٹا) کہا جائے گا اور جسے پانچ سال...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی آج پشاور میں عوامی طاقت کا مظاہرہ کرے گی

2022 کے بعد کی پالیسیاں حالات خراب ہونے کی وجہ ہیں، سلمان اکرم راجا

ہم دہشتگردی کے خلاف ہیں، پشاور کا جلسہ بربریت کے خلاف احتجاج ہوگا، صحافیوں سے گفتگو

پشاور (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف آج (ہفتہ کو) پشاور میں عوامی جلسہ کرکے اپنی طاقت کا مظاہرہ کرے گی، پارٹی کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجا نے کہا ہے کہ 2022 کے بعد کی پالیسیاں حالات خراب ہونے کی وجہ ہیں، ہم دہشتگردی کے خلاف ہیں، پشاور کا جلسہ بربریت کے خلاف احتجاج ہوگا۔ صوبائی دارالحکومت...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

لینڈ ریکارڈ کو ڈیجیٹلائز کرنے کی مثبت قرارداد بلڈوز کی گئی، اپوزیشن

جدید تقاضوں سے ہم آہنگی بھتہ خوری وکرپشن کے دروازے بند کریگی، رحمت بلوچ

صوبے میں جدید اصلاحات سے خوفزدہ لوگ جانتے ہیں دکانداری بند ہوگی، صحافیوں سے گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے اپوزیشن ارکان نے کہا ہے کہ حکومت اور اسپیکر نے جانبداری کا مظاہرہ کرکے لینڈ ریکارڈ کو ڈیجیٹلائز کرنے کی مثبت قرارداد کو بلڈوز کیا، صوبے کو جدید تقاضوں سے آراستہ کرنے سے لوگ خوفزدہ اس لیے ہوتے ہیں...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

جامعہ کراچی نے جسٹس طارق محمود جہانگیری کی ڈگری منسوخ کردی

ناجائز ذرائع کے استعمال پر 3 سال کے لیے تعلیمی اداروں میں داخلے کے نااہل

کراچی (بیورو رپورٹ) جامعہ کراچی کی انتظامیہ نے جسٹس طارق محمود جہانگیری کی ایل ایل بی کی ڈگری منسوخ کرتے ہوئے انہیں تین سال کے لیے کسی بھی...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

امریکا نے سکستھ جنریشن لڑاکا طیارے F-47 کی پیداوار شروع کردی

منصوبے کے لیے فنڈز منظور، آئندہ مالی سال میں مزید سرمایہ کاری متوقع، امریکی حکام

واشنگٹن (م ڈ) امریکی فضائیہ نے اعلان کیا ہے کہ سکستھ جنریشن کے جدید لڑاکا طیارے F-47 کی پیداوار شروع ہوگئی ہے اور اس کا ہدف پہلی پرواز 2028 تک...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ جنگ بندی کیلئے ٹرمپ کے 21 نکاتی منصوبے کی تفصیلات سامنے آگئیں

منصوبے میں مستقل جنگ بندی، یرغمالیوں کی رہائی اور اسرائیلی فوج کا انخلا شامل ہے

نیویارک (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے دوران عرب اور اسلامی ممالک کے رہنماؤں کو غزہ کے لیے...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر خان مندوخیل ژوب ڈویژن سپورٹس فیسٹیول کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان اسمبلی، اپوزیشن کی لینڈ ریکارڈ ڈیجیٹلائز کرنے کی قرارداد مسترد

نوکنڈی تا ماشکیل سڑک کی تعمیر جلد مکمل کرنے اور ضلع گوادر کو میرانی ڈیم سے پانی فراہم کرنے سے متعلق دو قراردادیں متفقہ طور پر منظور

بارڈر بندش سے متعلق اپوزیشن ارکان کا اسمبلی سے علامتی واک آؤٹ، اسپیکر کی ہدایت پر حکومتی ارکان اپوزیشن کو منا کر واپس لائے

میر سلیم کھوسہ وزیراعلیٰ سے بات کریں، مسئلے کے مستقل حل کیلئے پارلیمانی کمیٹی تشکیل، وزیراعظم سے ملاقات کی جائے، اسپیکر کی رولنگ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان اسمبلی اجلاس جمعہ کو اپنے مقررہ وقت سے آدھے گھنٹے کی تاخیر سے اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں تلاوت کلام پاک سے شروع ہوا جس میں پیش کی جانے والی بلوچستان لینڈ ریکارڈ اینڈ مینجمنٹ اتھارٹی کے نام سے نیا قانون بنانے کی قرارداد کو ایوان نے رائے...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم کی ہدایت پر انکم ٹیکس ریٹرن فارم سے 'مارکیٹ ویلیو' کا کالم ختم

ٹیکس دہندگان کو سہولت فراہم کرنے کے لیے مارکیٹ ویلیو کا کالم حذف کروایا گیا، ایف بی آر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایت پر انکم ٹیکس ریٹرن فارم 2025 سے 'مارکیٹ ویلیو' کا...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی، چیئرمین پی پی بلاول بھٹو کا اجلاس کے موقع پر چیمبرز لائرز فورم کے عہدیداروں کے ہمراہ گروپ فوٹو

وزیراعظم کا خطاب، جنرل اسمبلی میں پاکستان زندہ باد کے نعرے

نیویارک (م ڈ) وزیراعظم شہباز شریف کے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس سے خطاب کے دوران ہال پاکستان زندہ باد کے نعروں سے گونج اٹھا۔ جمعہ کو وزیراعظم نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس سے...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

جنرل اسمبلی اجلاس کے موقع پر بھارتی میڈیا کے سوال پر وزیراعظم کا کرارا جواب

نیویارک (م ڈ) اقوام متحدہ جنرل اسمبلی اجلاس میں شریک وزیراعظم شہباز شریف نے بھارتی میڈیا کو منہ توڑ جواب دے دیا۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی اجلاس میں ہال سے باہر جاتے ہوئے بھارتی نیوز چینل کے صحافی...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

دفاعی معاہدہ قطر پر اسرائیل کے حملے کی وجہ نہیں، خواجہ آصف

پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان معاہدہ دہائیوں سے جاری تعاون اور تعلقات کا حاصل ہے

نیویارک (بیورو رپورٹ) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ سعودی عرب کے ساتھ دفاعی معاہدہ قطر پر اسرائیل کے حملے کی وجہ نہیں ہے بلکہ دونوں ممالک کے...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

18ویں کے بعد تمام ترامیم ختم، 73 کا آئین بحال کیا جائے

محمود خان اچکزئی

آئین کی بالادستی، شفاف انتخابات، قانون سب کیلئے یکساں، خارجہ و داخلہ پالیسیاں پارلیمنٹ میں تشکیل دی جائینگی تو ملک چلے گا

افغانستان کو دشمن قرار دینے کی بجائے ڈائیلاگ کرنا چاہئیں، عقل و فہم کی تمام باتیں ختم ہوجائیں تو پھر جنگ ہوتی ہیں، بات چیت

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی نے نجی ٹی وی سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہماری درا ندازیاں، غلط اقدامات کے باعث عدلیہ، انتظامیہ محفوظ نہیں رہی، جو جج ہوتا ہے اپنے ضمیر کی بات کریگا وہ نہ کسی ادارے میں چل...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

نوشکی: دستی بم حملہ، راہگیر جاں بحق، 5 پولیس اہلکاروں سمیت 8 زخمی

دھماکے کے بعد فائرنگ، پولیس اچانک ناکہ لگا کر ڈبل روڈ پر چیکنگ کررہی تھی

زخمی فوری نصیر خان نیچنگ ہسپتال منتقل، شدید زخمی کوئٹہ ریفر، حملہ آور فرار ہوگئے

نوشکی (آن لائن) نوشکی ڈبل روڈ پر نامعلوم افراد نے پولیس اہلکاروں پر ہینڈ گرنیڈ حملہ کردیا، دھماکہ کے بعد فائرنگ، ایک راہگیر جاں بحق جبکہ 5 پولیس اہلکاروں سمیت 8 افراد زخمی ہوگئے، جنہیں فوری میر گل خان نصیر نیچنگ ہسپتال نوشکی منتقل کردیا گیا اور شدید...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان اور روسی افواج کی مشترکہ مشق، عسکری تعلقات کے فروغ کا عزم

دونوں ممالک کے دستوں نے مشق کے دوران پیشہ ورانہ مہارت کے اعلیٰ ترین معیار کا مظاہرہ کیا

راولپنڈی (زاہد احمد خان) پاکستان اور روس کی افواج کے درمیان انسداد دہشت گردی کے شعبے میں 15 ستمبر کو شروع ہونے والی مشترکہ فوجی مشق دروژبہ VIII جاری...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

زبیر نے خودکشی کی، شار فورسز کی فائرنگ سے ہلاک ہوا، دہشتگرد جہانزیب

بلوچ سٹوڈنٹس آرگنائزیشن اور بلوچ یکجہتی کمیٹی جیسی تنظیموں کا کردار گمراہ کن رہا ہے، بیان

کوئٹہ (این این آئی) جانی میں ہتھیار ڈالنے والے فتنہ الہندستان کے دہشتگرد جہانزیب نے اعترافی بیان میں ہوش ربا انکشافات کرتے ہوئے بتایا ہے کہ زبیر بلوچ نے...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

مہنگائی میں کمی کے دعوؤں کے باوجود 17 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ

حالیہ ایک ہفتے میں ٹماٹر 9.04 فیصد، انڈے 0.88 فیصد، آٹا کی قیمت میں 0.76 فیصد، واشنگ سوپ 0.47 فیصد، مٹن 0.40 فیصد مہنگا ہوا

ویجیٹیبل گھی 0.16 فیصد، گڑ 0.64 فیصد، دودھ کی قیمت میں 0.15 فیصد، دہی کی قیمت میں 0.11 فیصد اور پاؤڈر ملک کی قیمت میں 0.58 فیصد اضافہ

اسلام آباد (شاکر رحمان) وفاقی ادارہ شماریات کے مہنگائی کی شرح میں کمی کے دعوں کے باوجود گزشتہ ہفتے کے دوران 17 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ہوگیا۔ وفاقی ادارہ شماریات کے مطابق ملک میں تیسرے ہفتے بھی مہنگائی میں اضافے کی رفتار...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیلی وزیراعظم کا جنرل اسمبلی سے خطاب، ارکان کا احتجاج

بیشتر ممالک کے نمائندوں کا واک آؤٹ

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں کئی روز سے عالمی رہنماؤں نے غزہ میں جاری وحشیانہ مظالم پر اسرائیل کو تنقید کا نشانہ بنایا

اسرائیل نے غزہ میں فلسطینیوں کی نسل کشی کی، قانون کے تحت ریاست کو ذمہ دار ٹھہرایا جاتا ہے، سربراہ اقوام متحدہ تحقیقاتی کمیشن

نیویارک (م ڈ) اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کے جنرل اسمبلی سے خطاب کے دوران شدید احتجاج کیا گیا اور بیشتر ممالک کے نمائندے واک آؤٹ کرگئے۔ ایک غیر ملکی نشریاتی ادارے کی رپورٹ کے مطابق اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کے اقوام متحدہ کی جنرل...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

صارفین کا ڈیٹا لیک نہیں ہوا، ڈارک ویب پر ڈالا گیا، پی ٹی اے

تحقیقات سے لگتا ہے ڈیٹا مختلف ذرائع سے حاصل کیا گیا، پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے ڈیٹا لیک سے متعلق تحقیقات مکمل کرلیں جس میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ ٹیلی کام کمپنیوں...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، اپوزیشن اراکین شاہدہ رؤف، رحمت بلوچ، میر زابد ریکی میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

جوڈیشل ورک سے روکنے کا کیس، جسٹس جہانگیری نے اپنا وکیل مقرر کرلیا

5 رکنی آئینی بینچ 29 ستمبر کو جسٹس طارق محمود جہانگیری کی درخواست پر سماعت کریگا، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جوڈیشل ورک سے روکنے کے کیس میں اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس طارق محمود جہانگیری نے اپنا وکیل مقرر کر لیا۔ ذرائع کے...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

ژوب گورنر کی رہائشگاہ پر پولیس اہلکار کی مبینہ غفلت سے فائرنگ

2 کانسٹیبل، 3 طلبا زخمی

واقعہ کے وقت گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج ژوب کے طلبا گورنر بلوچستان سے ملاقات کے لئے ان کی رہائش گاہ پر موجود تھے

زخمیوں کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا گیا، حالت خطرے سے باہر ہے، ہسپتال انتظامیہ، تحقیقات کی جارہی ہیں، پولیس حکام

کوئٹہ (آن لائن) ژوب میں گورنر بلوچستان کی رہائشگاہ پر پولیس اہلکار کی بندوق اچانک گرنے سے فائرنگ کا...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

بانی پی ٹی آئی نے ہر دروازہ کھٹکھٹایا مگر انصاف نہیں ملا، بیرسٹر گوہر

شاید عمران خان کے پاس جو چابی ہے اس سے دروازہ نہیں کھلتا، عدالت انکی آخری امید ہے، وہ انصاف کے طلب گار ہیں

190 ملین پاؤنڈ کیس میں سزا معطلی کی درخواستوں پر سماعت نیب پراسیکیوٹر کی عدم دستیابی پر ملتوی ہوئی، چیئرمین کی گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کا کہنا ہے بانی تحریک انصاف عمران خان نے انصاف کے لیے ہر دروازہ کھٹکھٹایا لیکن شاید ان کے پاس...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

ٹرمپ نے بھارت سے ادویہ کی درآمدات پر 100 فیصد ٹیرف عائد کردیا

بھارت کی فارماسیوٹیکل انڈسٹری کا بڑا انحصار امریکا کے ساتھ تجارت پر ہے

ٹیرف ان کمپنیوں پر لاگو ہوگا، جنہوں نے امریکا میں مینوفیکچرنگ شروع نہیں کی

نیویارک (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پر ادویات کی درآمدات پر 100 فیصد ٹیرف عائد کرنے کا اعلان کردیا جبکہ ہیوی ڈیوٹی ٹرکس پر 25 فیصد ٹیکس...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

ایمان مزاری کا ہراسگی کی درخواست پر عدم کارروائی پر شکایتی خط

مجاز اتھارٹی پر لازم ہے کہ وہ تین دن کے اندر ملزم کو الزامات سے آگاہ کرے

خاتون جج کو جسٹس سرفراز کیخلاف ہراسگی کی شکایت سننے سے ہٹا دیا، خط کا متن

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) انسانی حقوق کی کارکن اور وکیل ایمان زینب مزاری نے اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس سرفراز ڈوگر کے خلاف اپنی دائر کردہ دفتری ہراسگی کی شکایت پر 'عدم کارروائی' کے حوالے سے ایک شکایتی خط جمع کرایا۔ خیال...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی آئی خان: منی ٹرک کھائی میں جا گرا، 11 افراد جاں بحق، 3 زخمی

حادثہ درازندہ داناسر کے مقام پر منی ٹرک کے بریک فیل ہونے کے باعث پیش آیا

ٹرک پر سوار افراد خانوزئی سے ڈی آئی خان جارہے تھے، لاشیں وزخمی ہسپتال منتقل

ڈیرہ اسماعیل خان (بیورو رپورٹ) ڈیرہ اسماعیل خان میں منی ٹرک کے کھائی میں گرجانے سے 11 افراد جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق افسوسناک حادثہ درازندہ داناسر کے مقام پر منی ٹرک کے بریک فیل ہونے سے پیش آیا، بریک فیل ہونے سے...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ، فلسطینی بچہ اسرائیلی بمباری میں شہید ہونیوالے اپنے بھائی کی لاش سے لپٹ کر رو رہا ہے

نواز شریف کو جنیوا کے ہسپتال سے ڈسچارج کردیا گیا

جنیوا (م ڈ) مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف کو جنیوا کے ہسپتال سے ڈسچارج کردیا گیا۔ فیملی ذرائع کے مطابق نواز شریف 7 دن ہسپتال میں رہے جہاں ان کا دل کے حوالے سے پروسیجر ہوا۔ فیملی ذرائع...... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

ٹانک، نامعلوم افراد نے امن کمیٹی کے صدر کو گھر میں گھس کر قتل کردیا

ٹانک (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے ضلع ٹانک میں امن کمیٹی کے صدر کو قتل کردیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق فائرنگ کا واقعہ ٹانک میں کوٹ خدک کے علاقے میں پیش آیا جہاں رات گئے...... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

پہلی ہی فلم میں ہراسانی کا شکار رہی، اداکار بوسہ لیتا رہا، ریکھا

کم عمر ہونے کی وجہ سے مجبور تھی، ساتھی اداکار 5 منٹ تک منظر شوٹ کرواتا رہا

ممبئی (م ڈ) ماضی کی مقبول اور خوبرو ترین بولی وڈ اداکارہ ریکھا نے انکشاف کیا ہے کہ ان کی پہلی ہی فلم میں ساتھی اداکار...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

امام کعبہ شیخ ڈاکٹر صالح بن حمید سعودی عرب کے نئے مفتی اعظم مقرر

ریاض (م ڈ) سعودی عرب کے شاہی دیوان نے امام کعبہ شیخ ڈاکٹر صالح بن حمید کو ملک کا نیا مفتی اعظم مقرر کردیا ہے۔ شاہی اعلامیے کے مطابق شیخ صالح بن حمید 1949 میں...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

جسٹس جہانگیری کی ڈگری سے متعلق درخواستوں پر تحریری فیصلہ جاری

درخواست گزار وکلا نے دلائل دینے سے انکار کیا اور کمرہ عدالت چھوڑ کر چلے گئے، فیصلہ

کراچی (بیورو رپورٹ) سندھ ہائی کورٹ نے اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس طارق محمود جہانگیری کی ڈگری سے متعلق درخواستوں پر تحریری فیصلہ جاری کر...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

ایف آئی اے کی کارروائی، حوالہ و منی ایکسچینج میں ملوث 3 افراد گرفتار

کارروائیاں چمن اور کوئٹہ میں عمل میں لائی گئیں، ملزم ہدایت اللہ افغانستان سے حوالہ ہنڈی کا نیٹ ورک چلا رہا تھا

گرفتار ملزمان سے 18 لاکھ 26 ہزار روپے نقدی، چیک بکس اور موبائل فون برآمد کرکے قبضے میں لے لئے گئے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ایف آئی اے کوئٹہ اور چمن کے عملے نے حوالہ ہنڈی اور غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث 3 ملزمان کو گرفتار کرکے لاکھوں روپے، چیک بکس اور موبائل فون قبضے میں لے لئے۔ ایف آئی اے ذرائع کے مطابق ایف آئی اے نے کوئٹہ اور چمن میں کارروائی...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

امریکی صدر اور پاکستانی قیادت کی خوشگوار ملاقات سے بھارت پریشان

وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی تعریف کے بعد بھارتی ایوانوں میں ہلچل مچ گئی

واشنگٹن / نئی دہلی (مشرق نیوز) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر کے درمیان خوشگوار ملاقات نے دنیا کی توجہ سمیٹ...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر صحت کے ترقیاتی وژن سے حلقہ کے عوام مطمئن ہیں، علاقہ مکین

بخت محمد کاکڑ کے تجویز کردہ منصوبوں کی تکمیل سے علاقے کے دیرینہ مسائل حل ہونگے

توان کلی میں طویل مدت کے بعد کسی نمائندے نے ترقیاتی کام شروع کیے ہیں، جاوید اختر زیارتوال

اقدامات سے ہی عیاں ہے ان کی سوچ ٹیکنکل بلوچستان ٹیکنکل حلقہ انتخاب ہے ٹیکنکل معاشرہ بنا کر ہی دم لے گا، توان کلی میں ان کے جاری ترقیاتی سکیمات سے نہ صرف علاقہ خوبصورت ہوگا بلکہ اسی علاقے کے لوگوں کو روزگار کے ذرائع میسر آئینگے، ان خیالات کا اظہار سیاسی و سماجی رہنما نے مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے بتایا کہ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کی ترقیاتی کاموں سے حلقہ انتخاب کے عوام مطمئن ہے، اور ان سے مزید علاقے میں ٹیکنکل مہارت کے ادارے قائم کرنے کا بھی مطالبہ کرتے ہیں توان کلی کے مختلف علاقے صحت بخت محمد کاکڑ رکن صوبائی اسمبلی بنے تو توان کلی کے عوام کیلئے امید کی کرن پیدا ہو گئی، انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے کہ ایسے صوبائی وزراء کو بہتر کارکردگی کے ایوارڈ دیا جائے تاکہ آئندہ جو بھی وزیر وزراء آئینگے ان کا وژن تعلیم، صحت، پانی اور دیگر مسائل ہو نگے

کوئٹہ: صوبائی مشیر لیبر اینڈ مین پاور رسول عمرانی سے مسلم لیگ ن کے مرکزی کونسل کے رکن عبدالقدیر بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

نیشنل پارٹی کے وکلاء ونگ کے رکن زبیر بلوچ کا قتل قابل مذمت ہے، پشتونخوا نیپ

زبیر بلوچ ایک بااصول، پرامن اور عوام دوست طالبعلم رہنما اور وکیل تھے، مذمتی بیان

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے پریس ریلیز میں والعدین میں سابق چیئرمین بی ایس او پجار اور نیشنل پارٹی کے وکلاء ونگ کے فعال رکن زبیر بلوچ پر ہونے والے بزدلانہ اور سفاکانہ حملے اور ان کی شہادت کی واقع کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ زبیر بلوچ ایک بااصول، پرامن اور عوام دوست طالبعلم رہنما کے ساتھ ساتھ ایک وکیل کے حیثیت سے پرامن سیاسی جدوجہد کر رہے تھے جنہوں نے اپنی جدوجہد کو تعلیم، انصاف اور سماجی بہبود کے لیے وقف کیا۔ ان کی شہادت دراصل اس بات کا ثبوت ہے کہ کالونائزر ریاست حقیقی اور بیدار سوچ رکھنے والے رہنماں کی آواز برداشت نہیں کر سکتی۔ یہی استحصالی قوتیں ہیں جو تعلیم یافتہ نوجوانوں اور سیاسی شعور رکھنے والی نسل سے خوفزدہ ہیں، اسی لیے انہیں دبانے اور مٹانے کے لیے ریاستی تشدد اور دہشت گردی کا سہارا لیا جاتا ہے۔ لیکن حقیقی آوازوں کو کبھی خاموش نہیں کیا جا سکتا۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی بی ایس او پجار اور نیشنل پارٹی کے ساتھیوں اور شہید کے خاندان کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ ان کے نظریات اور پرامن جدوجہد ہماری مشترکہ میراث ہیں، جنہیں آگے لے جانا ہماری ذمہ داری ہے۔ پارٹی یہ عہد کرتی ہے کہ ہم سب اپنے ان سیاسی رہنماں کے بتائے ہوئے راستے پر چلیں گے، جس میں علم، انصاف اور آزادی کی جدوجہد ہی ہماری اصل قوت ہے۔ بیان میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ زبیر بلوچ کے شہادت کی المناک واقع میں ملوث اہلکاروں کو قانون کے کٹہرے میں لائے جائیں۔

وزیر اعلیٰ بلوچستان کے سابق معاون خصوصی اعجاز احمد سنجرانی اور بی اے پی کے رہنما بابر کبدہ ملاقات کر رہے ہیں

شمسی توانائی والے صارفین برقی آلات کی واپسی میں تعاون کریں، کیسکو حکام

زرعی صارفین ٹرانسفارمرز، کھمبے اور دیگر برقی آلات کیسکو کو واپس کرنے کے پابند ہیں

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) نے وفاقی و صوبائی حکومت کی جانب سے صوبے کے زرعی ٹیوب ویل کنکشنز کی شمسی توانائی پر منتقلی کے بعد ان تمام زمینداروں کے برقی کنکشنز منقطع کر دیئے ہیں۔ جسکے بعد Dismantling یعنی زرعی ٹرانسفارمرز، ایچ ٹی کھمبے اور ان سے منسلک دیگر برقی آلات بھی ہٹائے جا رہے ہیں تاکہ یہ زرعی کنکشنز دوبارہ کیسکو نیٹ ورک سے منسلک نہ ہو سکیں۔ تاہم صوبہ کے بعض علاقوں کے زمینداروں نے اس منصوبہ کی تکمیل کے سلسلے میں عدم تعاون کرتے ہوئے ابھی تک زرعی ٹرانسفارمرز اور دیگر برقی آلات واپس نہیں کئے ہیں۔ حکومت کی جانب سے سولرائزیشن منصوبہ میں شامل زمینداروں کو رقوم کی ادائیگی پر زرعی صارفین ٹرانسفارمرز، کھمبے اور دیگر برقی آلات کیسکو کو واپس کرنے کے پابند ہیں۔ کیسکو نے شمسی توانائی پر منتقل ہونے والے تمام زرعی صارفین سے اپیل کی ہے کہ وہ حکومت کی جانب سے سولرائزیشن کی مد میں رقم ملنے کے بعد اپنے زرعی ٹرانسفارمرز، ایچ ٹی کھمبے اور ان سے منسلک دیگر برقی آلات کی واپسی کے عمل میں کیسکو ٹیموں سے تعاون کریں۔

ڈائریکٹر پی ڈی ایم اے فیصل پانیزئی کی والدہ کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی جاری

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) سیکرٹری ایریگیشن صالح محمد ناصر، دولت خان بادیزئی، ملک محبوب مندوخیل ودیگر نے ڈائریکٹر پی ڈی ایم اے فیصل پانیزئی، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت عابد علی کی والدہ محترمہ کی انتقال پر تعزیت کی، اس موقع پر انہوں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہوئے کہا کہ پسماندگان کو اللہ تعالیٰ صبر وجمیل عطا کرے اور مرحومہ کو اللہ تعالیٰ اپنے جوار رحمت میں جگہ دیں۔

شاہنواز سکنہ بلیلی کالونی سوئی کا لوکل سرٹیفکیٹ ان کی اپنی درخواست پر منسوخ کر دیا گیا

ڈیرہ بگٹی (خ ن) ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی کے ایک اعلامیے کے مطابق شاہنواز ولد قائق علی مرہٹہ بگٹی سکنہ بگٹی کالونی سوئی کا لوکل سرٹیفکیٹ انکی اپنی درخواست پر منسوخ کیا گیا ہے۔ جاوید علی قوم چیچو ہو سکنہ محلہ نیو بلوچ کالونی حب کا لوکل سرٹیفکیٹ انکی اپنی درخواست پر منسوخ کر دیا گیا صحبت پور (خ ن) ڈپٹی کمشنر صحبت پور کے ایک اعلامیہ کے مطابق جاوید علی ولد خادم حسین قوم چیچو ہوسکنہ محلہ نیو بلوچ کالونی حب تحصیل وضلع حب کا لوکل سرٹیفکیٹ انکی اپنی درخواست پر منسوخ کر دیا گیا ہے۔

سیاسی رہنماؤں کو فرضی و بناوٹی مقدمات سے آزاد کیا جائے، امان اللہ کنرانی

کوئٹہ (آن لائن) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر امان اللہ کنرانی نے سیاسی کارکنوں کے غیر قانونی جسمانی ریمانڈ ختم کر کے عدالتی تحویل میں دینے کے عمل کی خیر مقدم کرتے ہوئے مطالبہ کرتے ہیں ان سب خواتین و مرد رہنماں کو فرضی و بناوٹی مقدمات سے آزاد کیا جائے مگر مقام افسوس ہے اسی اثنا میں بلوچستان کے ایک وکیل زبیر بلوچ کی شہادت کے بعد دوسرے وکیل محمد حنیف بلوچ کو گرفتار کرنا شہری وانسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے

بی این پی نے ہمیشہ اجتماعی حقوق کے تحفظ کیلئے جدوجہد کی ہے، غلام نبی مری

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے صدر و ممبر سنٹرل ایگزیکٹیو کمیٹی غلام نبی مری نے کہا ہے کہ بی این پی نے ہمیشہ بلوچستان کے اجتماعی قومی حقوق کے مفادات کے تحفظ کیلئے سیاسی جمہوری انداز میں جدوجہد کی اور اس کی پاداش میں پارٹی کے رہنماؤں اور کارکنوں نے جانوں کے نذرانہ پیش کئے ان قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جاسکتا ہے جاری بیان میں کہا کہ ہمارے جدوجہد کا مقصد بلوچ قوم کی حق حاکمیت واک واختیار ہے اور اپنے حقوق کے حصول کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ قائدین اور کارکنوں نے ہر دور میں قید و بند کی صعوبتیں برداشت کیں لیکن حقوق کے حصول ساحل و ساحل پر کوئی سودے بازی نہیں کی۔ قید و بند اذیتیں ہمیں ہمارے راستے سے نہیں ہٹا سکتی اس طرح کے اوچھے ہتھکنڈوں سے مرعوب نہیں ہوئے ہیں اور بلوچ قوم کے مفادات کے تحفظ سے کسی صورت دستبردار نہیں ہوں گے۔



سیکرٹری لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ محمد طیب لہڑی حب کے ڈیری فارم اور ویٹرنری سینٹرز کا دورہ کر رہے ہیں

صوبائی محتسب زیر تعمیر سڑک کی عدم تکمیل کا نوٹس لیں، اولسی کمیٹی منزکی

صوبائی مشیر مینا مجید بلوچ اور پارلیمانی سیکرٹری میر لیاقت علی لہڑی صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں بات چیت کر رہے ہیں

آج کوئٹہ میں صبح دس سے ساڑھے چار تک گیس بند رہے گی

صارفین گیس متبادل ایندھن کا انتظام کرلیں، سوئی سدرن گیس کمپنی کا علامیہ

کوئٹہ (آن لائن) سوئی سدرن گیس کمپنی کوئٹہ کے ایک اعلامیہ کے مطابق ضروری مرمت کے سلسلے میں مورخہ 27 ستمبر 2025 بروز ہفتہ صبح دس بجے سے شام ساڑھے چار بجے تک سریاب روڈ، گوہر آباد، چکی شاہوانی، قمبرانی روڈ جیل روڈ ہدہ، وحدت کالونی، سبزل روڈ، لیاقت بازار، گوالمنڈی، اکرم ہسپتال ڈبل روڈ، سیٹلائٹ ٹاؤن، بلیلی کالونی، سٹی کالونی، لنک بادینی، بکرامنڈی، بروری روڈ، آسپنی روڈ، مشن روڈ، خداداد روڈ اور ان سے ملحق علاقوں کو گیس کی ترسیل بند رہے گی۔ صارفین گیس سے گزارش ہے کہ اس دورانیہ میں متبادل ایندھن کا انتظام کریں۔ انتظامیہ سوئی سدرن گیس کمپنی اس زحمت پر معذرت خواہ ہے اور آپ کے تعاون کی طلبگار رہے

صوبائی دارالحکومت کے عوام پینے کے صاف پانی سے محروم ہیں، وسیم کاکڑ

حکومتی دعووں کے باوجود کوئٹہ شہر کربلا کا منظر پیش کر رہا ہے، رہنما غریبوں کی پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان غریبوں کی پارٹی کے صوبائی رہنما وسیم کاکڑ نے کہا ہے کہ حکومت دعووں کے باوجود کوئٹہ شہر کربلا کا منظر پیش کر رہا ہے عوام پینے کے صاف پانی سے محروم ہیں اور مہنگے داموں ٹینکر مافیا سے پانی خرید رہے ہیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں وسیم کاکڑ نے کہا کہ کوئٹہ بلوچستان کا دارالخلافہ ہونے کے باوجود پینے کے صاف پانی سے محروم ہے بلوچی اسٹریٹ، کوچہ ملک شریف کرد، ویال باغ، مسجد عثمان غنی گلی سمیت دیگر علاقے گزشتہ طویل عرصے سے پانی سے محروم ہیں اور علاقے کو وال مینوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے جب وال مینوں سے پانی فراہم نہ کرنے سے متعلق پوچھا جاتا ہے تو کہتے ہیں کہ ہماری مرضی ہے پانی دیں یا نہ دیں۔ انہوں نے کہا کہ طویل عرصے سے بلوچی اسٹریٹ، کوچہ ملک شریف کرد میں پانی کی عدم دستیابی کے بارے میں حکام بالا کو بار بار شکایات کے باوجود کوئی شنوائی نہیں ہو رہی ہے اور عوام احتجاج پر مجبور ہو چکے ہیں اگر فوری طور پر علاقے کے عوام کو پانی کی فراہمی یقینی نہیں بنائی گئی تو عوام احتجاج پر مجبور ہونگے۔ انہوں نے صوبائی وزیر واسا سردار عبدالرحمن کھیتران، حلقہ سے منتخب ہونے والے رکن اسمبلی اور سیکرٹری واسا سے بھی اپیل کی کہ وہ عوام کو پانی کی عدم فراہمی کا نوٹس لیں

کینسر کے مریضوں کو معیاری ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جائیں، میر منیر رند

بی ایم سی میں کینسر کے مریضوں کو مبینہ طور پر انڈومنٹ فنڈ کے تحت میڈیکل ریپ ادویات تجویز کرتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ بلوچستان کے ترجمان میر منیر رند نے بیان میں کہا ہے کہ بی ایم سی میں کینسر کے مریض شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ مریضوں کو بروقت اور معیاری علاج فراہم کرنے کے بجائے مبینہ طور پر انڈومنٹ فنڈ کے تحت میڈیکل ریپ ادویہ تجویز کرتے ہیں جس کے نتیجے میں مریضوں کو غیر معیاری اور غیر مؤثر ادویات دی جاتی ہیں۔ اس افسوسناک عمل سے نہ صرف مریضوں کی صحت مزید خراب ہو رہی ہے بلکہ قیمتی جانیں بھی داؤ پر لگی ہوئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ صورتحال انسانی ہمدردی کے تقاضوں کے منافی ہے اور حکومت بلوچستان کے صحت کے شعبے پر سوالیہ نشان ہے۔ میر منیر رند نے صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ سے فوری نوٹس لینے، کینسر کے مریضوں کو معیاری اور موثر ادویات کی فراہمی یقینی بنانے اور ذمہ دار عناصر کے خلاف سخت کارروائی کرنے کا پرزور مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ بلوچستان مریضوں کے حق علاج پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرے گی اور اس مسئلے کو ہر فورم پر اٹھایا جائے گا

رکن صوبائی اسمبلی شاہدہ رؤف صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں قرارداد پیش کر رہے ہیں

زبیر بلوچ ایڈووکیٹ کے گھر پر چھاپے اور قتل کی مذمت کرتے ہیں، نثمس کرد

باہمت اور نظریاتی طالب علم رہنما نے طلبا سیاست کے ذریعے نوجوانوں کو شعور آگاہی دی

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی کے سابق مرکزی ترجمان میر نثمس کرد نے بی ایس او پجار کے سابق چیئرمین اور نامور قانون دان زبیر بلوچ ایڈووکیٹ کو دالبندین میں ان کے گھر پر چھاپے کے دوران قتل کرنے کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ زبیر بلوچ ایک باہمت اور نظریاتی طالب علم رہنما تھے جنہوں نے بلوچ طلبا سیاست کے ذریعے نوجوانوں کو شعور، جدوجہد اور تعلیم کے میدان میں آگے بڑھنے کا حوصلہ دیا۔ وہ ایک بااصلاحیت قانون دان بھی تھے جو ہمیشہ کمزور اور مظلوم طبقات کی آواز بلند کرتے رہے۔ میر نثمس کرد نے کہا کہ اس افسوسناک اور قابل مذمت واقعہ نے نہ صرف بلوچ طلبا سیاست بلکہ قانونی حلقوں کو بھی ایک مخلص اور باہمت شخصیت سے محروم کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ زبیر بلوچ کی جدوجہد اور قربانیاں تاریخ کا حصہ رہیں گی، جبکہ ان کا کردار نوجوانوں کے لئے مشعل راہ ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ اس واقعہ کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جائیں اور ذمہ داران کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔ میر نثمس کرد نے مرحوم کے اہلخانہ، ساتھیوں اور طلبا برادری سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم ان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔

بلوچستان میں معیار تعلیم روز بروز زبوحالی کا شکار ہے، جے ٹی آئی

تعلیمی اداروں کو فعال کر کے بجٹ میں اضافہ کیا جائے، حافظ حبیب الرحمن، حافظ عابد اللہ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت طلبا اسلام ضلع کوئٹہ کے صدر حافظ حبیب الرحمن جنرل سیکرٹری حافظ عابد اللہ حنفی سیکرٹری اطلاعات حافظ اکرام اللہ سیکرٹری مالیات حافظ عبدالمنتقم کاکڑ حافظ محمد موسیٰ عبدالقاہر روڈینی حافظ نبیل احمد حافظ انیس الرحمن جنگ اور حافظ طاہر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان میں تعلیم کی شرح خطرناک حد تک کم ہے جو حکومت کی عدم توجہی اور نااہلی کا واضح ثبوت ہے بیشتر تعلیمی ادارے بنیادی سہولتوں سے محروم ہیں ہزاروں اسکول بند اور لاکھوں بچے تعلیم سے محروم ہیں جبکہ اساتذہ کی غیر حاضری اور نصاب کے مسائل نے صورتحال کو مزید ابتر بنا دیا ہے انہوں نے کہا کہ تعلیم ہر بچے کا بنیادی حق ہے اور حکومت کی ذمہ داری ہے کہ تعلیمی اداروں کو فعال کرے بجٹ میں تعلیم کو ترجیح دے اور خصوصا دیہی و پسماندہ علاقوں میں سہولیات فراہم کرے لڑکیوں کی تعلیم کے فروغ کے لئے خواتین اساتذہ کی بھرتی اور محفوظ ماحول کی فراہمی بھی وقت کی ضرورت ہے جب تک بلوچستان کے بچے قلم اور کتاب سے جڑ نہیں جاتے صوبے میں ترقی و خوشحالی ممکن نہیں حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ فوری طور پر صوبے کے تعلیمی بحران پر سنجیدگی سے توجہ دی جائے ورنہ آنے والی نسلیں جہالت اور پسماندگی کے اندھیروں میں دھکیل دی جائیں گی۔

یونیورسٹی بلوچستان سب کیمپس مستونگ کے ڈائریکٹر محمد اقبال ترین کا ورلڈ فارمیسی ڈے کی موقع پر فیکلٹی ممبران کے ساتھ گروپ فوٹو

گاہی خان چوک پر زپل کی تعمیر کو جلد مکمل کیا جائے، نور محمد شاہوانی

سست روی کی وجہ سے ٹرانسپورٹرز سمیت علاقہ مکینوں کو مشکلات کا سامنا ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر حاجی نور محمد شاہوانی جنرل سیکرٹری حاجی عبدالباقی کاکڑ حاجی عبدالمجید ہنگورئی حاجی محمد اسماعیل لہڑی حاجی محمد گل کاکڑ جعفر خان حاجی عطاللہ حاجی ظاہر شاہ تکیل خان کاکڑ حاجی عمر شاہ افریدی اور دیگر ٹرانسپورٹرز نے مشترکہ بیان جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ گاہی خان چوک پر پل بنانے میں کافی عرصہ لگ گیا ہے اور کام انتہائی سخت سست روی کا شکار ہے جس کی وجہ سے ٹرانسپورٹرز سمیت علاقہ مکینوں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے ائے روز ٹریفک جام ہو رہی ہے متعلقہ حکام نوٹس لیں اور گاہی خان چوک کو جلد تعمیر کرے اسی طرح کوئٹہ مغربی بائی پاس روڈ ہر کام نہ ہونے کے برابر ہے

16 اکتوبر کو جے ٹی آئی کوئٹہ ڈاکٹر سرفراز احمد خان یوم تاسیس منایا جائے گا

کوئٹہ (اے این این) جمعیت طلباء اسلام خلفائے راشدین یونٹ گلی چکتمن رہنمائی ہزار گنجی کے صدر اعجاز الرحمن جنگ سیر نائب صدر حافظ سدیس نائب صدر دوئم حافظ حبیب اللہ نائب صدر سوئم حافظ انیس الرحمن محمد حسنی جنرل سیکرٹری حافظ محمد سلیمان ڈپٹی جنرل سیکرٹری حافظ انیس الرحمن جنگ ڈپٹی جنرل جنرل سوئم حافظ جہانگیر ڈپٹی جنرل سیکرٹری چہارم محمد عمران شاراحمد جنگ سیکرٹری اطلاعات ظہور احمد جنگ ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات ملک عرفان مینگل ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات سوئم حافظ شعیب الرحمن جنسکرٹری اطلاعات چہارم ضیاء اللہ غزی ناظم مالیات حافظ محمد انور شاہ ڈپٹی ناظم مالیات عمران اللہ جنگ ناظم مالیات سوئم حافظ محمد یونس ناظم مالیات چہارم شبیر احمد علی احمد سوشل میڈیا کے چیئرمین مقصود احمد جنگ حافظ بلوچ کلیم اللہ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ 16 اکتوبر کو جمعیت طلبہ اسلام ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام یوم تاسیس سیمینار سے دوررس نتائج برآمد ہونگے یوم تاسیس سیمینار کے انعقاد سے ڈاکٹر سرفراز احمد خان شہید رح کی مشن کو مزید زندہ کرنے میں مدد ملے گی انہوں نے کہا کہ جمعیت طلبہ اسلام کسی صورت میں ڈاکٹر سرفراز احمد خان شہید رحمہ کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے ڈاکٹر سرفراز احمد خان شہید رح کی پیغام کو گھر گھر تک پہنچانے کے لیے کسی قربانی دینے سے دریغ نہیں کریں گے انہوں نے کہا کہ جمعیت طلبہ اسلام افرتوں کو مٹانے کیلئے تمام تعلیمی اداروں میں دن رات جہد وجہد کو جاری رکھے گی انہوں نے مزید کہا کہ 16 اکتوبر کو جمعیت طلبہ اسلام ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام یوم تاسیس سیمینار کو کامیاب بنانے کے لیے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے

آکشن نیلامی برائے سالانہ ٹھیکہ پارکنگ اسٹینڈ، ہیلپر آئی ہسپتال کوئٹہ

صوبہ کے موجودہ حالات کے پیش نظر اور ہسپتال ہذا میں قائم مختلف شعبہ جات میں مریضوں کے تسلی بخش داخلے کی بنیادوں پر برقرار رکھنے اور ہسپتال ہذا میں ٹریفک کے بے جا، غیر متعلقہ گاڑیوں کے کھڑی ہونے / غلط پارکنگ کی وجہ سے بے ہنگم رش کو ختم کرنے کیلئے زیر دستخطی کو ہسپتال ہذا میں ایک الگ پارکنگ اسٹینڈ سالانہ کی بنیاد پر ٹھیکے پر دینا مقصود ہے۔ جس سے ہسپتال میں جلد از جلد ٹریفک کے مسائل کو ختم کرنے میں مدد حاصل ہو سکے گی۔ خواہش مند ٹھیکیداران اپنی سربمہر آکشن نیلامی پیشکش مورخہ 10 اکتوبر 2025 تک زیر دستخطی کے دفتر میں صبح 11:00 بجے تک پہنچ جانی چاہیے۔ (اس مقررہ تاریخ و وقت کے بعد کوئی بھی بولی جمع نہیں ہوگی اور نہ ہی قبول کی جائے گی)۔ جو کہ بمورخہ 10 اکتوبر 2025 کو دوپہر 12:00 بجے زیر دستخطی کے دفتر میں آکشن نیلامی کمیٹی کے ممبران اور فرم کے نمائندگان کی موجودگی میں کھولی جائینگی۔ زیر دستخطی کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ آکشن نیلامی کو بغیر بتائے منسوخ کر دے، آکشن نیلامی دہندگان کو نیلامی کے دستاویزات کے ہمراہ مبلغ دو لاکھ روپے (200,000) کا کال ڈپازٹ بنام میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، ہیلپر آئی ہسپتال، کوئٹہ جمع کرانا ہوگا۔ آکشن نیلامی کی شرائط مندرجہ ذیل ہیں۔ (1) فرم یا ٹھیکیدار کا گورنمنٹ سے منظور شدہ ہونا لازمی ہے غیر رجسٹرڈ ٹھیکیدار / ٹینڈر نیلامی جمع نہ کرائیں (2) نیلامی دہندہ کو اچھی مالی پوزیشن کا حامل ہونے کا بینک سرٹیفکیٹ کم از کم ٹینڈر / نیلامی کھولنے والے دن تک -/500,000 پیش کرنا ہوگی۔ ٹینڈر دہندہ تمام متعلقہ ٹیکس کو شوار دینے کا خود مجاز ہوگا (3) ٹینڈر دہندگان ٹینڈر جمع کرانے سے قبل جگہ کا معائنہ لازمی کریں، ہسپتال ہذا کے اندر مختلف شعبہ جات کے سربراہان، انتظامیہ کی گاڑیوں کیلئے مخصوص پارکنگ کی جگہ اور ہسپتال ہذا کے داخلی اور خارجی راستوں کے معاینہ کیلئے ہسپتال ہذا کے سکیورٹی سپر وائزر کے ساتھ رابطہ کریں۔ بعد میں کسی قسم کا عذر قبول نہیں کیا جائے گا (4) ٹھیکے کی بولی برائے موٹر سائیکل، رکشہ اور کار پارکنگ اسٹینڈ مبلغ -/780,000 سات لاکھ اسی ہزار روپے سالانہ سے زائد ہونی چاہیے۔ ٹینڈر فارم مورخہ 09 اکتوبر 2025 دوپہر 02:00 بجے تک بعوض -/2,000 روپے ناقابل واپسی دفتر کیشیئر سیکشن روم نمبر 02 سے وصول کئے جا سکتے ہیں۔ ٹینڈر دہندہ کو ٹینڈر فیس کی رسید دستاویزات کے ساتھ لگانی ہوگی (5) پارکنگ فیس گورنمنٹ کے ریٹ کے مطابق ہوگی جو کہ میٹرو پولیٹن کارپوریشن کوئٹہ نے شہری حدود میں مقرر کیئے ہوئے ہیں (6) ٹینڈر کی منظوری کی صورت میں ٹھیکے کی رقم دو قسطوں میں جمع کرانی ہوگی جس کی پہلی قسط پیشگی جمع کرانی ہوگی جس کے بعد ورک آرڈر دیا جائے گا جبکہ دوسری قسط 06 ماہ کے بعد جمع کرانی ہوگی (7) انتظامیہ کسی قسم کی ہڑتال کی ذمہ دار نہیں ہوگی اور نہ ہی کسی قسم کی سکیورٹی فراہم کرنے کی ذمہ دار ہوگی بلکہ ٹھیکیدار کو از خود ہر قسم کی سکیورٹی کا انتظام کرنا ہوگا۔ نیز پارکنگ کیلئے مختص جگہ سے سائیکل، موٹر سائیکل، رکشہ اور گاڑی کی چوری کا ذمہ دار ٹھیکیدار ہوگا (8) ٹھیکے کی رقم کا اندراج نیلامی فارم میں واضح طور پر ہونا چاہیے اور تمام ٹھیکیداروں، فرم و کمپنی کو اپنی بولی سیل خاکی لفافے میں 10 اکتوبر 2025 صبح 11:00 بجے تک میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، ہیلپر آئی ہسپتال کے آفس میں جمع ہو جانی چاہیے اور اس پر واضح الفاظ میں مکمل پتہ اور فون نمبروں کا اندراج ہو۔ مقررہ تاریخ و وقت کے بعد کوئی بھی لفافہ قابل قبول نہ ہوگا (9) ہسپتال ہذا کے ملازمین پارکنگ فیس سے مستثنیٰ ہونگے اور ٹھیکہ حاصل کرنے والی فرم / کمپنی ٹھیکیدار صرف ہسپتال کے تمام ملازمین کو مخصوص پاس / اسٹیکرز بلا کسی معاوضے کے جاری کرے گا (10) طے شدہ معاہدہ کے مطابق مقرر کی گئی مدت کے بعد ٹھیکیدار کو بذریعہ عدالت حکم امتناعی لینے کا اختیار نہیں ہوگا۔ بصورت دیگر ہسپتال انتظامیہ کو اختیار ہوگا کہ وہ متعلقہ ٹھیکیدار سے قبضہ لے سکتا ہے اور ٹھیکیدار / کمپنی ہسپتال انتظامیہ یا ہسپتال کیخلاف کوئی بھی قانونی چارہ جوئی نہیں کر سکے گا (11) پارکنگ رسید میں رقم کا واضح اندراج ہونا لازمی ہے خلاف ورزی یا زیادتی کی صورت میں ٹھیکیدار کے خلاف قانونی کارروائی کرتے ہوئے ٹھیکہ منسوخ بھی کیا جا سکتا ہے جس کی تمام تر ذمہ داری ٹھیکیدار پر عائد ہوگی (12) تمام ٹیکس کی ادائیگی بذمہ بولی دہندہ پر ہوگی (13) پارکنگ اسٹینڈ کی تمام تر جگہ کی صفائی کی ذمہ داری ٹھیکیدار پر ہوگی۔ گندگی ہونے کی صورت میں ٹھیکیدار پر -/3,000 روپے جرمانہ عائد کیا جائے گا (14) ٹھیکیدار سختی سے اس بات کی پابندی کرے گا کہ پارکنگ کی جگہ پر کوئی بھی موٹر سائیکل و گاڑی کی دھلائی نہ ہو وگرنہ صورت میں ٹھیکیدار پر -/3,000 روپے جرمانہ عائد کیا جائے گا۔

میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، ہیلپر آئی ہسپتال کوئٹہ

PRQNo1547/26-09-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی مکران بمقام تربت

اشتہار زیر دفعہ 87 ض ف و ہمراہ دفعہ (10) 19 ATA 1997

اسپیشل کیس نمبر 37/2025 مقدمہ فرد نمبر 48/2025 سرکار بنام: وسیم وغیرہ

جرم زیر دفعہ (4) ATA 7,11-EE 1997 CTD مکران تربت

ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے کہ مفرور ملزم احسان منظور ولد منظور احمد سکنہ عبدالرحیم محلہ آبسر بجرم زیر دفعہ (4) ATA 7,11-EE 1997 کا جس کی سزا مجموعہ تعزیرات پاکستان کی دفعہ بالا میں مقرر ہے مرتکب ہوئے ہیں (یاان کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے رپورٹ یعنی کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بہ تعلق اس نالش کے جاری ہوا تھا معلوم ہوا ہے کہ مسمیان مذکورہ دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مسمیان بالا مذکور فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان بالا ساکنان بالا کو لازم ہے کہ بتاریخ 06-10-2025 کو بمقام تربت اس عدالت میں نالش مذکورہ کی جوابدہی کیلئے حاضر ہو۔ مفرور ملزمان کیلئے مس رضوانہ ایڈوکیٹ کو سرکار کے خرچ پر کونسل مقرر کیا جاتا ہے۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی مکران بمقام تربت

PRQNo1544/26-09-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اکادمی ادبیات کے زیر اہتمام مذاکرہ، خورشید افروز کی کتابوں کی رونمائی

ادبی منظر نامہ

شیخ فرید

اوبی لحاظ سے یہ بڑی خوش کن رہی ہے کہ یہاں لسانیات کے رنگوں کی آمیزش سے ایک نیا علمی و ادبی جہاں ملتا ہے۔ بزم فن و ادب اور بزم صائم ادبیات / صائم اردو تقریب کی صدارت نامور ادیب آغا گل نے کی، جبکہ پشتو زبان کے دانشور پروفیسر نقیب اللہ احساس اور براہوئی شاعر و ادیب نواب نور خان محمد حسنی مہمان خاص کی حیثیت سے مدعو

تھے۔ مذاکرے میں ریذیڈنٹ ڈائریکٹر اکادمی ادبیات کوئٹہ ڈاکٹر قیوم بیدار، پشتو شاعر و ادیب عادل اچکزئی، راقم الحروف شیخ فرید اور نوجوان ادیب عزیز اللہ حاکم نے حصہ لیا۔ مقررین کا موقف تھا کہ انسانی دنیا کی دوسری ترقی یافتہ زبانوں کی طرح ہمارے یہاں بھی دوسری زبانوں کی اہم تخلیقات کے تراجم کی روایت خاصی پرانی ہے جو وقت کے ساتھ ساتھ اب خاصی پختہ ہو چکی ہے۔ اردو میں عموماً دو قسم کے تراجم رائج رہے ہیں، لفظی ترجمہ اور آزاد ترجمہ۔ لفظی ترجمہ کی عدم افادیت اور پزیرائی نہ ہونے کی بنا پر یہ اب تقریباً متروک ہو چکا ہے۔ پروفیسر نقیب اللہ احساس، نواب نور خان محمد حسنی نے مدلل دلائل پیش کرتے ہوئے کہا ہم نے پاکستانی زبانوں کے تراجم پر اب کوئی خاطر خواہ علمی و ادبی کام نہیں کیا، نقیب احساس کا کہنا تھا کہ بلوچستان لسانی اعتبار بڑا زرخیز خطہ ہے تاہم ہم نے بلوچی سے براہوئی اور پھر ان زبانوں کا تخلیقی ادب کو پشتو میں منتقل کرنے اہداف پورے کرنے میں سرخرو نہیں ہو پائے ہیں۔ ڈاکٹر قیوم بیدار نے قرآن پاک کے علاقائی زبانوں میں تراجم کے حوالے سے سیر حاصل گفتگو کی، عزیز حاکم نے مذاکرے میں حصہ لیتے ہوئے کہا کہ اردو میں ترجمہ نگاری کا آغاز سلطنت مغلیہ کے دور میں ہوا۔ ابتدائی دور میں اکیڈمی نے مشترکہ ادبی تقریب خانہ فرہنگ ایران کے تعاون سے منعقد کی تقریب پروفیسر خورشید افروز کی دو کتابوں "میری صدائے پریشان" "اور آدھی بات" کی رونمائی ہوئی۔ صدارت جاوید سرور نے کی اور خورشید افروز، رمضان صابر پنوار اور پروفیسر عارف ضیاء مہمان خصوصی تھے۔ تقریب میں پروفیسر کامران قمر، شیخ فرید راقم اور ڈاکٹر قیوم بیدار مذکورہ کتابوں پر اظہار خیال کیا۔ مقالات پیش کیے تقریب کے دوسرے سیشن میں مشاعرے کا اہتمام کیا گیا تھا جس کی صدارت ڈاکٹر آغا ناصر نے کی۔ نظامت کے فرائض نوجوان شاعر احمد وقاص کاشی نے ادا کیے۔ شعراء کرام میں محترمہ تسنیم صنم، جہانگیر کاوش، رمضان پنوار، غلام علی جون، کامران قمر، پروفیسر رشید حسرت، محترمہ غزالہ تبسم غزال، محترمہ فہمیدہ گل، محترمہ انعم جاوید، اویس اسدی، عجب ساگر، احمد وقاص، شیخ رفیق محمد فیض شیخ، وحید مختر، کے علاوہ نوجوان شاعروں نے اپنا خوبصورت کلام سنا کر سامعین سے داد تحسین حاصل کی۔ پشتون کلچر ڈے کی مناسبت سے پشتو اکیڈمی میں بھر تقریبات کا اہتمام کیا گیا۔ ایکیاد گار تقریب انظامت ثقافت کے نوری نصیر الدین خان آڈیٹوریم میں منعقد ہوئی جس میں شائقین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

قلعہ عبداللہ کے سماجی رہنما قسیم افغان کی سیکرٹری جنگلات عبدالفتح بھنگر سے ملاقات

سے قلعہ عبداللہ کے سیاسی و سماجی شخصیت قسیم افغان نے ملاقات کی، ملاقات میں قسیم افغان نے قلعہ عبداللہ میں جنگلات کی بہتری کیلئے فوری طور پر اقدامات اٹھانے کا مطالبہ کیا اور کہا کہ آپ نے جب سے جنگلات کا چارج سنبھالا ہے تب سے جنگلات کی نہ صرف قلعہ عبداللہ میں بہتری آئی ہے بلکہ پورے بلوچستان میں آپ کے نمایاں کردار اور کارکردگی ہے۔ جس پر سیکرٹری جنگلات عبدالفتح بھنگر نے بتایا کہ ہماری کوشش ہوگی کہ ہم آپ کے ضلع میں مزید جنگلات کی بہتری کیلئے کام کریں۔ جس پر قسیم افغان نے سیکرٹری کا شکریہ ادا کیا۔

جماعت اسلامی کے زیر اہتمام آج کو پریس کلب میں تعلیمی سیمینار منعقد ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کی قیادت میں جماعت اسلامی بلوچستان کے تعلیمی بورڈ کے زیر اہتمام کل 27 ستمبر بروز ہفتہ صبح 10 بجے سے شام 5 بجے تک پریس کلب کوئٹہ میں ایک روزہ تعلیمی سیمینار کا اہتمام کیا گیا ہے سیمینار سے جماعت اسلامی، اسلامی جمعیت طلبہ، جمعیت طلبہ عربیہ، تنظیم اساتذہ و دیگر برادر تنظیمات کے تعلیمی اداروں سکولز، کالجز، مدارس کے ذمہ داران، ماہرین تعلیم و تعلیمی اداروں کے ذمہ داران شرکت و خطاب کریں گے۔

ہفتہ کے روز موسم گرم اور خشک رہنے کا امکان ہے، محکمہ موسمیات

کوئٹہ (پ ر) محکمہ موسمیات بلوچستان کے مطابق صوبے کے بیشتر اضلاع میں جمعہ اور ہفتہ کے روز موسم گرم اور خشک رہنے کا امکان ہے۔ تاہم ساحلی اضلاع میں موسم جزوی طور پر ابر آلود رہے گا۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ دن کے وقت گرمی کی شدت برقرار رہے گی جبکہ شام کے وقت سمندری ہوائیں چلنے سے ساحلی پٹی پر موسم نسبتاً معتدل رہ سکتا ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران نوکنڈی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 39.5 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔

کیو ڈی پی کی تکمیل سے کوئٹہ جدید شہروں میں شامل ہوجائیگا، شہری

کوئٹہ کی خوبصورتی کے ترقیاتی پروجیکٹ کی تکمیل سے شہر کی خوبصورتی پر شہریوں کا اطمینان

جناح روڈ، سمنگلی روڈ، امداد چوک سے سلیم کمپلیکس تک ترقیاتی کاموں کا آغاز، متعدد ترقیاتی کاموں کو عملی جامہ پہنا دیا گیا ہے

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) کوئٹہ ڈویلپمنٹ پروجیکٹ کے تحت شہر بھر میں ترقیاتی کاموں کا آغاز ہو چکا ہے، بعض منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچایا ہے جبکہ بعض منصوبوں پر کام جاری ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے خصوصی ہدایت اور متعلقہ انتظامیہ کی خصوصی دلچسپی کے باعث کوئٹہ شہر کو رونقوں کا شہر بنایا جائے گا یہی وژن کو پایہ تکمیل پہنچانا موجودہ حکومت کا وژن ہے، مشرق سروے سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے، عبداللہ کاکڑ، ایاز کاکڑ، طاہر ہوتک، نقیب اچکزئی و دیگر نے کوئٹہ ڈویلپمنٹ پروجیکٹ کے تحت جاری منصوبوں پر اطمینان اور خوشی کا اظہار کرتے ہوئے بتایا ہے کہ کوئٹہ ڈویلپمنٹ پراجیکٹ کے تحت شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری، شہریوں نے سڑکوں کی تعمیر و توسیع، نکاسی آب کے منصوبوں پر کام کی رفتار پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ مذکورہ منصوبوں کی تکمیل سے شہر میں ٹریفک کے مسائل کم ہونگے اور شہر کی خوبصورتی میں اضافہ ہوگا، انہوں نے بتایا کہ جناح روڈ، یونیورسل کمپلیکس سے امداد چوک پر معمولی بارش کے بعد نالیاں ابل آتی جس سے نہیں کہیں گھنٹوں تک ٹریفک جام رہتا اب بڑے نالے کی تعمیر سے یہ مسائل حل ہونگے اسی طرح کوئٹہ پھاٹک سے کنڈی سینٹر تک سمنگلی روڈ ٹریفک کے دباؤ کے باعث آئے روز جام رہتا اب سڑک کے دونوں جانب سروس سڑکوں کی تعمیر سے ٹریفک کی بلا تعطل آمد و رفت یقینی ہو جائے گی، واضح رہے کہ ائیر پورٹ سے سریاب تک شہر کے مختلف علاقوں میں کوئٹہ ڈویلپمنٹ پراجیکٹ کے تحت مختلف منصوبوں پر کام جاری ہے، جبکہ متعدد منصوبے مکمل ہو چکے ہیں۔

اسسٹنٹ کمشنر کچلاک احسان الدین کاکڑ سب ڈویژن میں پلاسٹک تھیلو کے گوداموں کے خلاف کارروائی کر کے پلاسٹک تھیلو کا بڑا اسٹاک ضبط کر رہے ہیں

شہدا بی این پی کا تعزیتی ریفرنس 28 ستمبر کو کوئٹہ میں ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام شہید آغا خالد شاہ دلسوز، شہید عبدالسلام ایڈوکیٹ اور شہید عاصمہ سلام کی برسی کے حوالے سے مشترکہ تعزیتی ریفرنس بروز اتوار، 28 ستمبر 2025، سہ پہر 3:00 بجے کوشہید دلسوز ہاؤس کرانی روڈ کوئٹہ میں منعقد ہوگا۔ بی این پی کوئٹہ کے تمام یونٹ سیکرٹری، ڈپٹی سیکرٹری اور کونسلران اور تمام کارکنان وقت مقررہ پر اپنی بھرپور شرکت کو یقینی بنائیں

حاجی عبدالمجید ہنگورئی کی شعبہ ٹرانسپورٹ میں خدمات قابل تحسین ہیں، عالم جان ہنگورئی

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) نیشنل پارٹی کے سینئر رہنما عالم جان ہنگورئی نے کہا ہے کہ ممتاز قبائلی رہنما ٹرانسپورٹر حاجی عبدالمجید ہنگورئی ایک ایسے عظیم رہنما اور خیر خواہ ہے جنہوں ٹرانسپورٹ کے شعبے میں ہنگورئی سمیت تمام اقوام کی خدمت کی ہے آج بھی اس پیران سالی میں بلوچستان ٹرک ایسوسی ایشن میں نائب صدر کے عہدے پر فائز اور ٹرانسپورٹ کی خدمت میں پیش پیش ہے عالم جان ہنگورئی نے کہا کہ حاجی عبدالمجید ہنگورئی ہمیشہ ٹرانسپورٹ اور عوام کی فلاح و بہبود، اتحاد اور ترقی کے لیے بے لوث خدمت کر رہے ہیں حاجی عبدالمجید ہنگورئی کی شخصیت میں حکمت، شجاعت اور خلوص کا حسین امتزاج پایا جاتا ہے، جو انہیں ایک مثالی شخصیت بناتا ہے عالم جان ہنگورئی نے کہا کہ حاجی عبدالمجید ہنگورئی اپنے جوانی میں نہ صرف اپنے لوگوں کی رہنمائی کی بلکہ مشکل وقت میں ٹرانسپورٹروں اور اقوام کو حوصلہ دیا اور اب بھی ٹرانسپورٹ اور اقوام کی خدمت اور ان کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں عالم جان ہنگورئی نے کہا کہ حاجی عبدالمجید ہنگورئی کی شخصیت میں صداقت، دیانت داری اور ایمانداری نمایاں ہیں جو ان کے کردار کی پہچان ہیں عالم جان ہنگورئی نے کہا کہ یہ بات نہایت قابل تحسین ہے کہ حاجی عبدالمجید ہنگورئی نے اپنی ذاتی مفادات کو ہمیشہ ٹرانسپورٹ اور اقوام

نوجوانوں کو عملی زندگی کے تقاضوں سے ہمکنار کیا جا رہا ہے، اسفندیار خان

گرلز ہائی اسکول خنوزئی، پشین میں ہیلتھ کیئر اسکلز سینٹر کی افتتاحی تقریب سے سیکرٹری سکولز کا خطاب

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں تعلیم کے شعبے میں ایک اہم قدم اٹھاتے ہوئے سیکرٹری تعلیم اسفندیار خان نے گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول خنوزئی، پشین میں ہیلتھ کیئر اسکلز سینٹر کا افتتاح کیا۔ یہ منصوبہ یورپی یونین کے تعاون سے قائم کیا گیا ہے تاکہ طلبہ کو جدید عملی تربیت فراہم کی جا سکے۔ افتتاحی تقریب میں خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری تعلیم نے کہا کہ صوبے میں تعلیمی اصلاحات کا مقصد محض نصابی تعلیم تک محدود نہیں بلکہ طلبہ کو عملی زندگی میں کام آنے والی مہارتوں سے بھی آراستہ کرنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ اسکلز سینٹرز نہ صرف طلبہ کو صحت، آئی ٹی اور دیگر فنی شعبوں میں ہنر سکھائیں گے بلکہ انہیں مستقبل میں روزگار کے بہتر مواقع بھی فراہم کریں گے۔ اس موقع پر سیکرٹری تعلیم نے آئی ٹی اسکلز سینٹر کا بھی معائنہ کیا اور وہاں زیر تربیت طلبہ سے گفتگو کی۔ انہوں نے طلبہ سے ان کی سیکھنے کے عمل کے بارے میں سوالات کیے اور انہیں نصیحت کی کہ وہ تعلیم کے ساتھ ساتھ عملی مہارتوں کو بھی بھرپور توجہ سے حاصل کریں۔ سیکرٹری تعلیم نے بتایا کہ صوبے کے مختلف اضلاع میں بھی ایسے مراکز قائم کیے جا رہے ہیں اور اس مقصد کے لیے ایک خصوصی ٹاسک فورس تشکیل دی گئی ہے جو ان منصوبوں کی نگرانی کرے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ ہمارے طلبہ کے لیے کتابی علم سے آگے بڑھنے اور عملی زندگی کے تقاضوں کے مطابق اپنے آپ کو تیار کرنے کا ایک منفرد موقع ہے۔

فارماسسٹ کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، ڈاکٹر ہادی کاکڑ

عالمی دن پر سول ہسپتال میں کیک کٹنگ کی تقریب سے ایم ایس اور رضا رحمان کا خطاب

کوئٹہ (آن لائن) ایم ایس سول ہسپتال کوئٹہ ڈاکٹر ہادی کاکڑ نے فارماسسٹ کے عالمی دن موقع پر ہسپتال کے فارماسسٹس کے ہمراہ کے کیک کاٹا۔ اس موقع پر سینئر صحافی رضا الرحمن، اسسٹنٹ اکاؤنٹ آفیسر محمد خیر، چیف فارماسسٹ اعجاز شیخ، ڈپٹی چیف فارماسسٹ وسیم بیگ، انچارج مین فارمیسی خدا داد اور خشانی، فارماسسٹس، ضیاء الحق آغا، رازق، عطا محمد، احسان اللہ، عزیز، ڈیڈ اسٹاک انچارج سلمان انصاری، نوکل پرسن ادریس آغا و دیگر معاونین موجود تھے۔ ہر سال 25 ستمبر کو دنیا بھر میں فارماسسٹ کا عالمی دن منایا جاتا ہے تاکہ فارماسسٹ کی اہمیت کو اجاگر کیا جا سکے اور ان کی انمول خدمات کا شکریہ ادا کیا جا سکے۔ فارماسسٹ ہمارے ہیلتھ کیئر سسٹم میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ وہ نہ صرف ادویات فراہم کرتے ہیں بلکہ مریضوں کو ان کے محفوظ استعمال، مضر اثرات اور صحت کے مجموعی انتظام کے بارے میں رہنمائی بھی کرتے ہیں۔ فارماسسٹ کا عالمی دن صحت کی دیکھ بھال میں فارماسسٹ کے ضروری کردار کو اجاگر کرتا ہے

کوئٹہ: پرنسپل زرعی کالج پروفیسر عبدالرزاق، زرعی کالج میں زرعی انجینئرنگ ڈپارٹمنٹ کے ٹیسٹ سینٹر کا معائنہ کر رہے ہیں

CANCELLATION

The Notice Inviting Tender Called on Dated; 04 th September,2025 vide (PRQ No.421/05-08-2025) different works in Khirther Canal Division Usta Muhammad and applications and grievances filled by various bidders/ contractors regarding the tendering process in above mentioned date in Grievance Redressal Committee (GRC) and as per decision of Grievance Redressal Committee the following TSE-252607797203, TSE-252607798333, TSE-252607798283, TSE-252607798732, TSE-252607798263, TSE-252607798243, TSE-252607798233, TSE-252607798183 works are hereby cancel.

Executive Engineer
Khirther Canal Division
Usta Muhammad.

PRQ No.1558/26-9-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CANCELLATION

The Tender Notice of development schemes published in daily newspaper on 05 th September, 2025 vide PRQ No. 1070 /04-09-2025 as well as uploaded on BPPRA website under TSE-252609841853 whose tender submission and opening date was 22-09-2025 are hereby cancelled due to unavoidable circumstances.

EXECUTIVE ENGINEER (ROADS)
CW, PP&H Department District
Killa Saifullah

PRQ No.1566/26-9-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

ریل سروس کے فروغ سے بلوچستان کی معاشی سرگرمیاں بہتر ہونگی، جمال شاہ کاکڑ

بلوچستان کے مختلف اضلاع کو ریلوے کے ذریعے ملک کے دیگر حصوں سے منسلک کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، رکن قومی اسمبلی

بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے اور یہاں معدنی وسائل اور تجارتی امکانات کی وسیع گنجائش موجود ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری اور رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ ریلوے نہ صرف عوام کو سستی اور محفوظ سفری سہولت فراہم کرتا ہے بلکہ ملک بھر میں تجارت، صنعت اور زراعت کو فروغ دینے میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، ریلوے کے فروغ سے بلوچستان کی معاشی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا اور صوبے کے عوام کو روزگار اور ترقی کے نئے مواقع میسر آئیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے ریلوے کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے اور یہاں معدنی وسائل اور تجارتی امکانات کی وسیع گنجائش موجود ہے، مگر بدقسمتی سے ریلوے کا انفراسٹرکچر نہ ہونے کے برابر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریلوے نہ صرف عوام کو سستی اور محفوظ سفری سہولت فراہم کرتا ہے بلکہ ملک بھر میں تجارت، صنعت اور زراعت کو فروغ دینے میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ جمال شاہ کاکڑ نے زور دیا کہ بلوچستان کے مختلف اضلاع کو ریلوے کے ذریعے ملک کے دیگر حصوں سے منسلک کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، کیونکہ یہ نظام گوادر پورٹ اور دیگر تجارتی مراکز تک رسائی کو آسان بنائے گا۔ یہ ریلوے لائن انگریز دور میں قائم کی گئی تھی اور بلوچستان کی قدیم ریلوے لائنوں میں شمار ہوتی ہے۔ 2006 کے زلزلے اور سیلابی ریلوں کے باعث یہ ٹریک شدید متاثر ہوا اور ٹرین سروس معطل ہوگئی۔ اس ریلوے لائن کی بحالی کے لیے متعدد بار فنڈز مختص کیے گئے مگر منصوبہ مکمل نہ ہو سکا۔ سبی ہرنائی لائن کی بحالی سے مقامی لوگوں کو روزگار، تجارت اور آمدورفت میں سہولت ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ ژوب ماضی میں "فورٹ سنڈیمن" کہلاتا تھا اور برطانوی دور میں اسے بھی ریلوے سے جوڑنے کی کوشش کی گئی۔ ژوب ایک اسٹریٹیجک مقام ہے جو بلوچستان کو خیبر پختونخوا سے ملاتا ہے۔ ژوب کو ریلوے نیٹ ورک میں شامل کرنے سے وسطی ایشیا تک زمینی رسائی میں آسانی پیدا ہو سکتی ہے

صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ سے عبدالمجید کھوسہ و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

ہمیشہ حب اور لسبیلہ کے عوام کے حقوق کا تحفظ کیا ہے، سردار صالح بھوتانی

کبھی بھی عوامی خدمت میں کوتاہی نہیں کی نہ ہی عوامی امانت میں خیانت کی ہے

سونمیانی وندر (این این آئی) سابق سینئر صوبائی وزیر بلدیات بلوچستان سردار محمد صالح بھوتانی ایک روزہ دورے پر وندر پہنچے جہاں بھوتانی عوامی کارواں کے سینکڑوں کارکنان نے انکا والہانہ استقبال کیا اس موقع پر سابق سینئر صوبائی وزیر بلدیات بلوچستان سردار محمد صالح بھوتانی نے وندر رابطہ آفس میں ایک عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مشکل وقت انشاءاللہ ختم ہونے والا ہے ایک مرتبہ پھر اچھے دن آنے والے ہیں میں آپ لوگوں کو بتاتا چلوں کہ انشاءاللہ بہت جلد آپ لوگ ایک مرتبہ پھر اقتدار کے مسند پر بیٹھنے والے ہو۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے 40 سال کے اقتدار میں رہنے کے باوجود مخالفین ایڑی چوٹی کا زور لگا کر بھی ہمارے خلاف ایک پائی کے کرپشن کا کیس نہیں نکال سکے کیونکہ ہم نے کبھی بھی عوامی خدمت میں کوتاہی نہیں کی اور نہ ہی عوامی امانت میں خیانت کی ہے یہ اللہ کا فضل ہے کہ ہمارے خلاف کوئی بھی بدعنوانی کا مقدمہ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ہمیشہ حب اور لسبیلہ کے عوام کے حقوق کا تحفظ کیا اور انشاءاللہ کرتے رہیں گے ہم اقتدار میں ہوں یا نہ ہوں انشاءاللہ عوام کے حقوق کا تحفظ کرتے رہیں گے عوام کے حقوق غصب کرنے والوں کے سامنے سیسہ پلائی دیوار بن کر رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ میں آپ لوگوں کو سلام پیش کرتا ہوں کہ آپ لوگ مشکل وقت میں ساتھ کھڑے رہے اور ابھی ہمارے ساتھ کھڑے ہو میں نے وندر ایک چھوٹا سا ملاقات کا پروگرام بنایا تھا مگر یہ آپ لوگوں کی محبت ہے جو یہ چھوٹا سا ملاقات کا پروگرام ایک جلسے میں تبدیل ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں زیادہ بات نہیں کرونگا کیونکہ میں سمجھتا ہوں ہر بات کرنے کا ایک وقت اور جگہ متعین ہے وہ بات اس وقت اور اس جگہ کرنا بہتر ہوگا ہم نے ہمیشہ گفتار کی نہیں عملی عوامی خدمت کی سیاست کی ہے

جیوانی: پرائس کنٹرول ٹیم سرگرم

جیوانی (خ ن) پرائس کنٹرول ٹیم نے جیوانی ٹاؤن میں مرغی کے گوشت کے نرخوں کا جائزہ لیا۔ معائنے کے دوران معلوم ہوا کہ تمام دکاندار حکومت کی جانب سے مقررہ نرخ 700 روپے فی کلو پر مرغی فروخت کر رہے ہیں۔ اس موقع پر دکانداروں کو سختی سے ہدایت کی گئی کہ مقررہ سرکاری نرخ سے زائد قیمت وصول نہ کریں، بصورت دیگر ان کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

رکن صوبائی اسمبلی ملک محمد نعیم خان بازئی سے حاجی جانان و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

اورماڑہ: کہوردان میں ویٹرنری ہسپتال کی بندش سے عوام پریشان

مویشی پال اور علاقہ مکینوں کی متعلقہ حکام سے ہسپتال فعالی کی اپیل

اورماڑہ (یو این اے) اورماڑہ کے دیہی علاقے کہوردان میں محکمہ لائیو اسٹاک کا ویٹرنری ہسپتال طویل عرصے سے غیر فعال ہونے کے سبب مقامی مویشی پال شدید مشکلات کا شکار ہیں ... کے کسی افسر نے اس کا دورہ تک نہیں کیا۔ کہوردان اور گردونواح کے علاقوں میں مویشی پالنا روزگار کا ایک اہم ذریعہ ہے، اس لیے فعال ویٹرنری ہسپتال کی اشد ضرورت ہے ...

بجلی میٹرز کو کھمبوں پر منتقل کرنے والے کام ادھورا چھوڑ جاتے ہیں

عالمو چوک اور ملحقہ علاقوں میں درجنوں دکانوں فلیٹوں کی بجلی منقطع کرکے رفو چکر

کراچی: صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی اور سابق نگران وفاقی وزیر (ر) جنرل عبدالقادر بلوچ کا گروپ فوٹو

عمران خان سمیت پی ٹی آئی کے تمام اسیران کو فوری رہا کیا جائے، رحیم کاکڑ

تحریک انصاف ہمیشہ عوام کے ساتھ کھڑی رہی ہے، ظلم و ناانصافی کے خلاف جدوجہد جاری رکھی جائے گی، جمیل بوستان

بوگس سزائیں کالعدم قرار دی جائیں، قبائلی علاقوں میں آپریشن فوری روکا جائے، سردار حسن شاہ

دین اسلام اور صوفیاء کی تعلیمات ہی امن کا حقیقی راستہ ہیں، شجاع الحق شاہ

12 اکتوبر کو خضدار میں کیمن گنبد خضری کانفرنس کا انعقاد کیا جائے گا، خطاب

گڈانی، پینے کے پانی کی شدید قلت، عوام پریشان

ذمہ داران غفلت برت رہے ہیں، شہری مہنگے داموں پانی خریدنے پر مجبور

بی ایف اے کی ڈیری مصنوعات کے معیار کو جانچنے کی مہم جاری

10 ستمبر سے جاری خصوصی مہم کے دوران کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں دودھ فروشوں اور ڈیری مصنوعات کی دکانوں کی جانچ پڑتال کی گئی

ناقص اور ملاوٹی دودھ کی فراہمی پر 6 ملک فروشوں پر جرمانے عائد کیے گئے جبکہ متعدد دکانداروں کو اصلاحی ہدایات جاری کی گئیں

GOVERNMENT OF PAKISTAN
MINISTRY OF RAILWAYS
ISLAMABAD

POSITIONS VACANT

Applications are invited for filling the following posts in the project titled **"Strengthening of Planning, Development, Monitoring and Evaluation Directorate (SPD&ME) Ministry of Railways, Islamabad"** purely on contract basis under Project Pay Scales (PPS).

Sr. #	Description of the Posts	No. of Posts	Qualification	Eligibility/Experience	Age Limit
01	Director/ Business Development (PPS-10)	01	1. MBA/MS (Marketing/ Finance/ Project Management) 2. Additional qualification in Project Management will be preferred 3. Minimum 16 years of education 4. All degrees must be recognized by HEC	1. Over all 12 years' work experience in project management 2. Experience of Public Private Partnership (PPP) projects will be given additional weightage 3. Comprehensive knowledge of business strategy development and implementation 4. Preference will be given to candidates having variety of experience in the relevant fields such as business portfolio management, marketing investment performance analytics, and PPP projects, etc. 5. Advantage will be given to the expertise in the field financial analysis 6. Knowledge of MS Project/ Prima Vera & MS Office	Max. 50 years
02	Deputy Director (Monitoring-I) PPS-09	01	1. BE (Civil Engineering) or related discipline 2. Additional qualification in Project Management will be preferred 3. Minimum 16 years of education 4. All degrees must be recognized by PEC/ HEC	1. Overall seven (07) years' post-qualification experience with minimum two (02) years' experience of managing, monitoring and evaluation of development projects 2. Experience of infrastructure development related projects will be given preference 3. Use of advanced software related to monitoring & evaluation will be given weightage 4. Knowledge of MS Project/ Prima Vera & MS Office	Max. 45 years
03	Deputy Director (Financial Analyst) PPS-09	01	1. MS (Finance)/ MSc (Economics) /ACCA/CA or related discipline 2. Minimum 16 years of education 3. All degrees must be recognized by HEC	1. Minimum 07 years' post qualification experience with at least 02 years' experience of preparing and analyzing financial modeling of projects 2. Use of advanced software related to business analysis & financial modeling will be a given preference 3. Knowledge of MS Office	Max. 45 years

NOTE
- The posts are purely on contract basis for a period of two (02) years or till the completion of the project whichever is earlier. The contract will be extendable on satisfactory performance during the initial period and upon the completion of the project.
- Detailed TOR including pay package etc. is available on our websites i.e., www.railways.gov.pk and www.pakrail.gov.pk.
- Interested candidates meeting the criteria may apply online through National Job Portal's official website: https://njp.gov.pk/ or to the address given below within 15 days from the date of publication of advertisement along with CV/Resume, attested copies of all educational/experiences certificates, recent photograph and CNIC.
- The selected candidate can be posted anywhere in Pakistan as per requirement of the administration.
- In case of submission of any forged/false documents, the candidate shall be liable to prosecution.
- Only shortlisted candidates will be called for test/interview.
- The candidates serving in Government, Semi Government or Autonomous institutions should route their applications through proper channel/ departmental NOC.
- The Division reserves the right to select/reject or not to fill any position (s) without assigning any reason.
- Incomplete applications and applications received after due date will not be accepted.
- No TA/DA will be admissible for test/ interview.

PID(I)2581/25

(Syed Adil Gul Kakakhil)
Deputy Chief Planning, Room No. 104, D- Block
Pak. Secretariat, Islamabad, Ph.: 051-9214272

URAAN PAKISTAN

گوادر: تاریخی مقامات اور تجارتی مراکز میں صفائی مہم کا آغاز

گوادر (خ ن) چیف آفیسر میونسپل کمیٹی مکتوم موسیٰ کی ہدایت پر گوادر کے تاریخی مقام اور تجارتی مرکز میں صفائی مہم کا آغاز کیا گیا۔ اس سلسلے میں میونسپل کمیٹی کی ٹیم نے ملا فاضل چوک اور اس کے گردونواح میں خصوصی صفائی کا کام سرانجام دیا۔ چیف آفیسر مکتوم موسیٰ نے اس موقع پر کہا کہ شہر کی صفائی اور خوبصورتی کو برقرار رکھنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر شہریوں کو صفائی یا میونسپل کمیٹی سے متعلق کوئی شکایت ہو تو وہ دفتری اوقات میں شکایات سیل میں جمع کرائیں

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

ایف آئی اے میں کڑا احتساب، متعدد آفیسران نوکری سے برخاست

کرپشن اور ناقص تفتیش میں ملوث 5 آفیسران کو سزائیں، 2 انسپکٹرز اور 2 سب انسپکٹرز کو کرپشن اور ناقص تفتیش پر نوکری سے برخاست کردیا گیا

خاتون انسپکٹر کی ناقص تفتیش پر سب انسپکٹر کے عہدے پر تنزلی کردی گئی سزا پانے والے اہلکار اسلام آباد، کراچی اور لاہور زون میں تعینات تھے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے رفعت مختار راجہ کی زیر صدارت اردلی روم کا انعقاد کیا گیا جس میں بدعنوانی، کرپشن اور ناقص تفتیش میں ملوث 5 آفسران کو سزا سنائی گئی 2 انسپکٹرز اور 2 سب انسپکٹرز کو کرپشن اور ناقص تفتیش پر نوکری سے برخاست کر دیا گیا خاتون انسپکٹر کو ناقص تفتیش پر سب انسپکٹر کے عہدے پر تنزلی کر دی گئی سزا پانے والے اہلکار اسلام آباد، کراچی اور لاہور زون میں تعینات تھے ڈی جی ایف آئی اے رفعت مختار راجہ نے کہا کرپشن، غفلت اور ناقص تفتیش میں ملوث اہلکاروں کی ایف آئی اے میں کوئی جگہ نہیں ہے۔ ادارے کو کرپشن اور کالی بھیڑوں سے پاک کرنے کے لیے سخت احتسابی عمل جاری ہے۔ غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث اہلکاروں کے خلاف سخت اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ احتسابی عمل سے ہی انسانی سمگلنگ اور کرپشن کا خاتمہ ممکن ہوگا۔ غفلت برتنے والے افسران کو قرار واقعی سزا دی جائے گی۔

اورماڑہ: کار اور موٹر سائیکل میں تصادم، 4 افراد زخمی

اورماڑہ (یو این اے) مکران کوسٹل ہائی وے کے قریب اورماڑہ کے نجی مقام پر ایک افسوسناک ٹریفک حادثہ پیش آیا، جہاں ایک تیز رفتار کرولا کار نے دو موٹر سائیکلوں کو پیچھے سے زوردار ٹکر ماردی۔ حادثے کے نتیجے میں موٹر سائیکلوں پر سوار چار افراد شدید زخمی ہوگئے۔ زخمی ہونے والوں میں اورماڑہ کے رہائشی نسیم واحد، ساگر رسول بخش، نبی بخش سعید بخش اور شہباز محمد بخش شامل ہیں۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی امدادی ٹیمیں فوری طور پر موقع پر پہنچیں اور زخمیوں کو محفوظ طریقے سے ریسکیو کر کے فوری طبی امداد فراہم کی۔ بعد ازاں انہیں مزید علاج کے لیے پاک بحریہ کے ہسپتال درمان جاہ منتقل کر دیا گیا۔ حادثے میں ملوث کرولا کار کا ڈرائیور عثمان ولد حسن، کراچی ...

افغان مہاجرین کیساتھ ظلم وستم سے نفرتوں میں اضافہ ہوگا، احمد خان

افغانوں کو جنگ زدہ ملک میں دھکیلنا انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے

کوئٹہ (پ ر) افغان قومی موومنٹ کے سربراہ قائد تحریک صدر احمد خان نے کہا ہے کہ افغان بھائیوں کو بھیڑ بکریوں کی طرح گرفتار کر کے اپنے مال و املاک سے بے دخلی کا حساب بھگتنا ہو گا۔ افغانوں کے ساتھ تاریخ کے بدترین ظلم و ستم سے نفرتوں میں سوگنا اضافہ ہوگا۔ المیہ یہ ہے کہ آج اگر مہاجرین کے نام سے ڈالر آنا شروع ہو جائیں تو بے حس و خود غرض حکمران افغانوں کو افغانستان سے واپس بلا لیں گے۔ افغان مہاجرین کے نام سے جب چالیس سال سے یو این ایچ سی آر اور دیگر عالمی اداروں کے ڈالر سے ... مہاجرین ملکی معیشت پر کسی صورت بوجھ نہیں ہیں کیونکہ وہ معیشت کی بحالی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ اس لئے زور زبردستی بارڈر پاس کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے غیر انسانی عمل قرار دیا گیا ہے۔ اے کیو ایم پر زور مطالبہ کرتی ہیں کہ پاکستان میں افغان مہاجرین کو افغانستان میں مکمل امن آنے تک پر امن قیام کی اجازت دی جائے۔ جب تک افغانستان میں مکمل امن و استحکام نہیں آتا افغان بھائیوں کو زور زبردستی جنگ زدہ ملک بھیجنا ماورائے آئین اور بشری حقوق کے خلاف اقدام ...

گوادر: پرائس کنٹرول شکایات سیل فعال

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ڈاکٹر اسلام الدین ملاقات کر رہے ہیں

بچوں کی پیدائش میں 2 سال کا وقفہ لازمی ہونا چاہیے، سیکرٹری پاپولیشن ویلفیئر

محکمہ پاپولیشن آبادی کو کنٹرول کرنے کیلئے تمام اضلاع میں فیملی پلاننگ سے متعلق آگاہی فراہم کرنے کیلئے اقدامات کر رہا ہے

بچے کی صحت کا تعلق براہ راست ماں کی صحت سے ہے، مانع حمل ادویات کے عالمی دن کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب

اسسٹنٹ مجسٹریٹ ڈاکٹر سربند زیب سب ڈویژن کچلاک میں گرانفروشوں کے خلاف کارروائی کر رہے ہیں

محکمہ ایکسائز ایڈ ٹیکسیشن تربت کا اعلامیہ

قلات: لیویز نے اشتہاری ملزم گرفتار کرلیا

44 ویں MCMC کے وفد کا پولیس ہیڈکوارٹرز راولپنڈی کا دورہ

گوادر: انسداد پولیو مہم کی تیاری کیلئے اجلاس

معاشی استحکام سیاسی استحکام کا مرہون منت ہے، صوبائی وزراء اراکین اسمبلی

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹوایڈیٹر، پرنٹر وپبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپواکر A-4ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمدؒ
ٹیلی فون نمبر:۔2829164-2821538-2821626 فیکس نمبرز:۔2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

ہفتہ 27 ستمبر 2025ء

پاک امریکہ قیادت کی ملاقات: تعلقات کے نئے دور کا آغاز

وزیر اعظم شہباز شریف کی امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے گزشتہ روز ہونے والی ملاقات نے پوری دنیا کو اپنی جانب متوجہ کئے رکھا وزیر اعظم شہباز شریف کی دو دنوں میں امریکی صدر سے یہ تیسری ملاقات تھی ۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے مریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو امن کا علمبردار قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی بدولت پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بندی ممکن ہوئی، ان کی قیادت میں پاک امریکہ تعلقات مزید مضبوط ہوں گے، وزیر اعظم نے امریکی کمپنیوں کو پاکستان کے زراعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، معدنیات اور توانائی کے شعبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دی ہے وزیر اعظم نے مشرق وسطی کی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے غزہ میں فوری جنگ بندی اور امن کے قیام کے لئے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی کاوشوں بالخصوص رواں ہفتے نیویارک میں مسلم دنیا کے رہنماؤں کو غزہ و مغربی کنارے سمیت مشرق وسطی میں امن کی بحالی کیلئے جامع مشاورت کے لئے مدعو کرنے کو سراہا۔ وزیر اعظم نے رواں سال کے اوائل میں پاکستان اور امریکہ کے درمیان طے پانے والے ٹیرف ارینجمنٹ پر بھی صدر ٹرمپ کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ صدر ٹرمپ کی قیادت میں دونوں ممالک کے باہمی مفاد میں پاک امریکہ تعلقات مزید مضبوط ہوں گے۔ امر واقعی یہ ہے کہ اس ملاقات کو نہ صرف پاکستان بلکہ بین الاقوامی سفارتی حلقوں میں بھی بڑی اہمیت دی جا رہی ہے۔ اس ملاقات میں چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی شرکت نے اس کی ملاقات کی اہمیت کو مزید بڑھا دیا ہے وائٹ ہاؤس میں ہونے والی یہ ملاقات خوشگوار، پرتپاک اور غیر معمولی گرمجوشی کی عکاس تھی، جس نے یہ واضح کر دیا کہ پاکستان اور امریکہ ایک بار پھر قریبی تعاون کی طرف گامزن ہیں۔ یہ ملاقات ایسے وقت پر ہوئی ہے جب دنیا ایک بار پھر سنگین چیلنجز کا سامنا کر رہی ہے۔ مشرق وسطی میں غزہ کی صورتحال، یوکرین جنگ، چین امریکہ کشیدگی، اور افغانستان میں نئی صف بندی جیسے مسائل عالمی سیاست کو ایک بار پھر دو قطبوں میں تقسیم کر رہے ہیں۔ ایسے میں پاکستان جیسے ایٹمی طاقت کے حامل اور خطے میں کلیدی جغرافیائی حیثیت رکھنے والے ملک کا امریکہ کے ساتھ مثبت تعلقات کی طرف بڑھنا ایک خوش آئند پیش رفت ہے صدر ٹرمپ کی جانب سے وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل کے بارے میں دیئے گئے مثبت بیانات اس بات کا ثبوت ہیں کہ اب امریکہ پاکستان کو ایک قابل بھروسہ اتحادی کے طور پر دیکھ رہا ہے۔ صدر ٹرمپ کا یہ اعتراف کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر بہترین شخصیت کے مالک ہیں اور وزیر اعظم شہباز شریف کو شاندار رہنما قرار دینا، بلاشبہ پاکستان کے اعلیٰ سول و عسکری قیادت کے کردار کا عالمی سطح پر اعتراف ہے۔ صدر ٹرمپ نے ملاقات سے قبل اور بعد میں میڈیا سے گفتگو میں واضح طور پر کہا کہ اسرائیل کو مغربی کنارے کے انضمام کی اجازت نہیں دی جائے گی اور غزہ میں جنگ بندی ممکن ہے۔ ان بیانات سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ مسلم دنیا کے خدشات کو سنجیدگی سے لے رہے ہیں اور ان کے ساتھ تعاون کے خواہاں ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ نیویارک میں مسلم رہنماؤں سے ان کی ملاقات کو خاص اہمیت دی جا رہی ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے صدر ٹرمپ سے ملاقات میں نہ صرف پاکستان کا موقف بھرپور انداز میں پیش کیا بلکہ بین الاقوامی سطح پر امن کے قیام کے لئے صدر ٹرمپ کی کوششوں کو سراہتے ہوئے انہیں امن کا علمبردار قرار دیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ صدر ٹرمپ کی جرات مندانہ قیادت کی بدولت پاکستان اور بھارت کے درمیان کشیدگی کم ہوئی، اور خطہ ایک ممکنہ جنگ سے بچا۔ یہ بیان پاکستان کی سفارتی حکمت عملی کی عکاسی کرتا ہے جس کا مقصد علاقائی امن اور ترقی کو یقینی بنانا ہے۔ وزیر اعظم کی طرف سے امریکی کمپنیوں کو پاکستان کے زرعی، انفارمیشن ٹیکنالوجی، معدنیات اور توانائی کے شعبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دینا ایک عملی قدم ہے، جو پاکستان کی معیشت کو عالمی سطح پر مربوط کرنے کی کوششوں کا حصہ ہے۔ اس ملاقات میں سکیورٹی، انٹیلی جنس تعاون، اور انسداد دہشت گردی جیسے اہم امور پر بھی گفتگو ہوئی، جو دو طرفہ تعلقات میں گہرائی اور پختگی لاتے ہیں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی اس ملاقات میں شرکت اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان امریکہ تعلقات اب صرف سیاسی اور اقتصادی نوعیت کے نہیں رہے بلکہ ان میں سکیورٹی تعاون کو مرکزی حیثیت حاصل ہو چکی ہے۔ ماضی میں پاکستان اور امریکہ کے درمیان سکیورٹی تعلقات میں اتار چڑھاؤ رہا ہے، لیکن موجودہ حالات میں، خاص طور پر دہشت گردی کے خلاف جنگ، افغانستان سے امریکی انخلاء، اور خطے میں بھارتی اثر و رسوخ کے تناظر میں، ایک نئے، متوازن اور باہمی مفاد پر مبنی تعلقات کی ضرورت پہلے سے کہیں زیادہ ہے۔ اس ملاقات میں وزیر اعظم شہباز شریف نے ایک مضبوط، متوازن اور خودمختار پاکستان کا تصور پیش کیا۔ انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ پاکستان خطے میں امن کا خواہاں ہے اور امریکہ کے ساتھ ایک برابری کی سطح پر تعلقات کا خواہاں ہے۔ پاکستان کی خارجہ پالیسی اب مفاہمت، معاشی شراکت داری، اور اسٹریٹجک تعاون کے گرد گھومتی ہے، اور امریکہ جیسے عالمی طاقت کے ساتھ مثبت تعلقات اسی پالیسی کا اہم جزو ہیں یہ حقیقت بھی نظر انداز نہیں کی جا سکتی کہ پاکستان، چین اور سعودی عرب کے ساتھ ساتھ اب امریکہ سے بھی قریبی تعلقات چاہتا ہے، جو ایک متوازن خارجہ پالیسی کا عملی مظہر ہے۔ وزیر اعظم نے صدر ٹرمپ کو پاکستان کے دورے کی دعوت دے کر اس دوستی کو مزید مستحکم کرنے کی کوشش کی ہے، جو مستقبل میں مزید اہم فیصلوں اور معاہدات کا پیش خیمہ بن سکتی ہے۔ یہ ملاقات عوامی سطح پر بھی خوش آئند سمجھی جا رہی ہے۔ ایک طرف پاکستان کو اقتصادی مشکلات، مہنگائی، اور غیر یقینی سیاسی صورتحال کا سامنا ہے، تو دوسری طرف عالمی سطح پر اس کا مثبت امیج اجاگر ہونا ناگزیر ہے۔ ایسے میں یہ ملاقات ایک نیا بیانیہ قائم کر سکتی ہے جس کے تحت پاکستان ایک پرامن، ترقی یافتہ اور علاقائی استحکام کا ضامن ملک بن کر ابھر سکتا ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف اور صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے درمیان ہونے والی ملاقات کو ایک سفارتی کامیابی اور ایک نئے باب کا آغاز کہا جا سکتا ہے۔ اس ملاقات میں جس گرمجوشی، اعتماد اور باہمی احترام کا مظاہرہ ہوا، وہ اس بات کی نوید ہے کہ پاکستان اور امریکہ مستقبل میں ایک مضبوط اور اسٹریٹجک شراکت داری کی جانب بڑھ رہے ہیں فیلڈ مارشل عاصم منیر کی موجودگی اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ پاکستان کی سول و عسکری قیادت ایک پیج پر ہے اور عالمی سطح پر پاکستان کا موقف مربوط، متوازن اور قومی مفاد پر مبنی ہے۔ اگر اس ملاقات کے بعد طے پانے والے اہداف پر عمل درآمد کیا جائے تو یقیناً یہ خطے کے لئے امن، ترقی اور استحکام کی نئی راہیں کھول سکتی ہے۔

باگرام ایئربیس واپسی کی امریکی خواہش

روزن خیال — مریم گیلانی



ہائبرڈ نظام کی کامیابی، ٹرمپ پاکستان کے دیوانے

منظر نامہ — سارہ حسن

پاکستان۔امریکہ تعلقات: وقتی شراکت یا پائیدار اعتماد؟

منظر نامہ

نیشنل نیوز پیپر ریڈرشپ ڈے پر قارئین کو میرا عاجزانہ سلام

برملا — نصرت جاوید



پاک سعودی باہمی دفاعی معاہدہ، ماضی، حال اور مستقبل

نکتہ نظر

کرکٹ سے جنگ تک، آپ کس کے ساتھ ہیں؟

شہر یاراں



ایرانی صدر کا بیان اور وسیع تر علاقائی افہام وتفہیم کے آثار

تاثرات — سید مجاہد علی



ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے اقوام متحدہ میں تقریر کرتے ہوئے حال ہی میں طے پانے والے پاک سعودی دفاعی معاہدے کا خیر مقدم کیا ہے۔ اور اسے خطے میں ایک مفصل سکیورٹی نظام اور مسلمان ممالک کے درمیان سیاسی، سکیورٹی اور دفاعی شعبوں میں تعاون کی ابتدا قرار دیا۔

خواتین ونگ ن لیگ کا ہر دور میں اہم کردار رہا ہے، اختر بی بی

بلوچستان کی خواتین کو بھی سیاسی اور سماجی میدان میں آگے لایا جائے گا

نصیر آباد (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) خواتین ونگ کی رہنما اختر بی بی نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کی خواتین ونگ نے ہر دور میں اہم کردار ادا کیا ہے اور بلوچستان کی خواتین کو بھی سیاسی اور سماجی میدان میں آگے لایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ خواتین ونگ پارٹی کا اہم حصہ ہے اور خواتین کے حقوق کے تحفظ کیلئے پارٹی قیادت کی رہنمائی میں جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔

حاجی محمد رازق سنجرانی کی دوبارہ بطور امام مسجد بحالی

نوکنڈی (نامہ نگار) حاجی محمد رازق سنجرانی کی دوبارہ بطور امام بحالی پر علاقے کے عوام اور معتبرین نے خوشی کا اظہار کیا ہے۔

ڈی سی چاغی ... پاک افغان بارڈر پر ... کے دوران

سیکریٹری فشریز کا ڈام بندر کا دورہ، مقامی ماہیگیروں سے ملاقات

محکمہ فشریز مقامی ماہیگیروں کے حقوق کا تحفظ یقینی بنائے گی، طارق بلوچ

اوتھل (نامہ نگار) سیکریٹری فشریز بلوچستان طارق قمر بلوچ نے ڈام بندر کا دورہ کیا اور زیر تعمیر محکمہ فشریز کے دفتر کا معائنہ کیا بعد ازاں وہ ڈام جیٹی کا معائنہ کیا اس موقع پر سیکریٹری فشریز نے مقامی ماہیگیروں سے ملاقات کی اور انکی شکایات سنی جس پر اپنے ماتحت فشریز آفیسران کو انکی شکایات کا ازالہ کرنے کی ہدایت کی سیکریٹری فشریز نے مقامی ماہیگیروں کو یقین دلایا ... ڈائریکٹر فشریز حب شکیل احمد بلوچ اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز حب نورالدین خراسانی ڈپٹی ڈائریکٹر فشریز علاؤالدین کاکڑ، انسپکٹر فشریز ڈام شکور احمد انکے ہمراہ تھے جبکہ ڈام سماجی شخصیات بشیر حمزہ، وڈیرہ یعقوب، ماما یکو و دیگر بھی موجود تھے۔

عوام کی خدمت لہڑی برادران کی ترجیح ہے، محمد خان لہڑی

عوام نے ہمیشہ ہم پر اعتماد کیا اور ہمیں اپنی نمائندگی کا حق دیا

نصیر آباد (نامہ نگار) صوبائی پارلیمانی سیکرٹری میر محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ عوام کی خدمت لہڑی برادران کی اولین ترجیح ہے، عوام نے ہمیشہ ہم پر اعتماد کیا اور ہمیں اپنی نمائندگی کا حق دیا، علاقے کے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں اور ترقیاتی منصوبوں کو جلد مکمل کیا جائے گا۔

عوامی اشتہارات

MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے تحت شائع کیے جاتے ہیں۔ کسی بھی قسم کی قانونی ذمہ داری اشتہار دینے والے پر ہوگی۔

خالق آباد، اے سی ڈاکٹر علی گل عمرانی سے صحافی امجد سلامی ملاقات کر رہے ہیں

اساتذہ اپنے فرائض منصبی ایمانداری سے ادا کریں، میر محمد رحیم

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) وطن ٹیچرز ایسوسی ایشن نصیر آباد کے ضلعی عہدیداران۔ چیئرمین عبدالکریم بیجاری۔ صدر ثناء اللہ لہڑی۔ جنرل سیکریٹری نثار احمد محمد حسنی۔ آرگنائزر شفیع محمد لہڑی۔ ڈپٹی جنرل سیکریٹری محمد اسلم مینگل۔ وائس چیئرمین عطاء اللہ۔ نائب صدر محمد ارشد کی بینظیر بھٹو ڈسٹرکٹ پریس کلب نصیر آباد رجسٹرڈ ڈیرہ مراد جمالی آمد شہری ایکشن کمیٹی کے چیئرمین میر محمد رحیم لہڑی اور جنرل سیکرٹری وصدر پریس کلب عبدالرزاق سنگرانی سے ملاقات۔ اس موقع پر شہری ایکشن کمیٹی حاجی میر محمد رحیم لہڑی اور عبدالرزاق نے وطن ٹیچرز ایسوسی ایشن نصیر آباد کے عہدیداران کو الیکشن میں کامیابی حاصل کرنے پر ہار پہنا کر انہیں مبارکباد پیش کی دوران ملاقات شہری ایکشن کے چیئرمین میر محمد رحیم نے کہا کہ نصیر آباد میں اساتذہ اپنی فرائض منصبی انتہائی ایمانداری اور مخلصی سے ادا کریں اور بچوں کی روشن مستقبل اور تعلیمی معیار کو بہتر سے بہتر بنانے میں اپنی حاضری کو یقینی بنائیں اور بچوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں

زمیندار حکومتی ریلیف حاصل کرنے کیلئے رجسٹریشن کو یقینی بنائیں، مسعود

محکمہ زراعت خوشحال کسان کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع بلوچستان مسعود بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت اور محکمہ زراعت بلوچستان خوشحال کسان کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے زمینداروں کو چاہیے کہ وہ حکومتی ریلیف حاصل کرنے کے لیے فوری طور پر رجسٹریشن کو یقینی بنائیں اور حکومتی ریلیف سے مستفید ہو جائیں ان خیالات کا اظہار ڈی جی زراعت توسیع بلوچستان مسعود بلوچ کی مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کہا انہوں نے کہا کہ محکمہ زراعت زراعت کی فروغ کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لارہی ہے

سردار عبدالرحمٰن کھیتران کا بستی شہانی میں شمولیتی پروگرام کے دوران گروپ فوٹو

صوبے میں عوامی مسائل کے حل کیلئے کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری

پشین میں کھلی کچہری، شہریوں کی بڑی تعداد نے شکایات کے انبار لگا دیے

پشین (ن ن) صوبائی حکومت کی ہدایت پر صوبے بھر میں عوامی مسائل کے حل کے لیے کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری ہے، اسی سلسلے میں ڈپٹی کمشنر منصور احمد قاضی کی جانب سے ضلع پشین میں بھی کھلی کچہری لگائی گئی، جس میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی شہریوں نے بجلی، گیس، نادرا، زراعت، امن و امان منشیات کی ناسور، ریونیو، پولیس اور دیگر محکموں سے متعلق شکایات براہ راست حکام کے سامنے رکھیں، ڈپٹی کمشنر نے روایتی انداز میں سائلین کے مسائل سنے اور موقع پر ہی متعدد مسائل کے حل کے احکامات جاری کیے، انہوں نے کہا کہ کھلی کچہریاں فی الحال تحصیل سطح پر ہو رہی ہیں، جبکہ آئندہ یونین کونسل سطح تک وسعت دی جائے گی تا کہ عوامی مسائل حل ہوں، ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ عوامی شکایات پر انتظامیہ فوری ایکشن لے گی، تمام تھانوں میں خوش اخلاقی اور شفاف تفتیش کو یقینی بنایا جائے گا تا کہ عوام کا اعتماد مزید بحال ہو سکے، ڈپٹی کمشنر قاضی منصور نے شرکاء کو بتایا کہ کھلی کچہری کا مقصد باہمی تعاون، اعتماد کی فضا کو مزید مستحکم کرنا اور یہاں کے عوام کو درپیش مسائل و مشکلات کا بروقت اور مناسب حل نکالنا ہے، جبکہ آفسران تک سائلین کی آسان رسائی سے گورننس میں بہتری آئے گی، اور عام آدمی کو ریلیف ملے گا، انہوں نے مزید کہا کہ سائلین کی بروقت دادرسی مجھ سمیت تمام سرکاری محکمہ جات کے ضلعی آفسران کی بنیادی ذمہ داری ہے

سینیٹر دھنیش کمار پلیانی بینارٹی کاکس کے چیئرمین نامزد، نوٹیفکیشن جاری

بینارٹی کاکس اقلیتوں کے کردار کو مزید اجاگر کرنے کا ذریعہ بنے گا، دھنیش کمار

نصیر آباد (نامہ نگار) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے ایک اہم فیصلہ کرتے ہوئے سینیٹر دھنیش کمار پلیانی کو "بینارٹی کاکس" کا چیئرمین نامزد کر دیا ہے، جس کا باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ اس فیصلے کو ایوان بالا میں موجود اقلیتی نمائندگی کے لیے نہایت اہم اور خوش آئند قدم قرار دیا جا رہا ہے۔ بینارٹی کاکس" کا قیام ملک میں بسنے والی مختلف مذہبی اقلیتوں کو درپیش مسائل کے حل اور ان کے لیے موثر قانون سازی کے مقصد سے عمل میں لایا گیا ہے۔ اس پلیٹ فارم کے ذریعے اقلیتی برادری کے حقوق کے تحفظ، معاشرتی ہم آہنگی کے فروغ، اور ان کے جائز مسائل کو قومی ایجنڈے پر اجاگر کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے سینیٹر دھنیش کمار پلیانی نے چیئرمین سینیٹ کے اس فیصلے پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس اعتماد پر پورا اترنے کی بھرپور کوشش کریں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ "بینارٹی کاکس" پاکستان کی ترقی اور استحکام میں اقلیتوں کے کردار کو مزید اجاگر کرنے کا ذریعہ بنے گا۔

اطلاع عام

رہائشی پلاٹ A-26 رقبہ 3600 مربع فٹ واقع شین غر ہاؤسنگ اسکیم مشرقی بائی پاس کوئٹہ جو کہ اس وقت سفر خان ولد خان محمد کے نام پر الاٹ ہے اب اس پلاٹ کو میر محمد ولد محمد اعظم کے نام پر ٹرانسفر کروانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں سات یوم کے اندر اندر اسٹیٹ سیل بی ڈی اے سے رجوع کریں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا المشتہر میر محمد ولد محمد اعظم

R.No..........62172

اطلاع عام

مکان نمبر 188-D/B1 رقبہ 84 گز واقع سیٹلائٹ ٹاؤن ہاؤسنگ اسکیم کوئٹہ بنام نجیب اللہ ولد محمد شاہ سے منظور احمد ولد عبدالباری ٹرانسفر کرانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں پندرہ یوم کے اندر کیو ڈی اے آفس سے رابطہ کریں انور کیو ڈی اے

R.No..........

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5410151866609 بنام اللہ نور ولد زمان خان کلی خدا نظر کانی والمدین کہیں گم ہوا ہے ملنے پر قریبی ڈاکخانہ پہنچادیں۔ عبدالستار کشانی والمدین

R.No..........

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا قومی شناختی کارڈ بنام شفیع اللہ ولد نجیب اللہ مجھ سے کہیں گم ہو گیا جس کو ملے برائے مہربانی مسلم باغ پریس کلب پہنچا دیں عبدالرزاق سرگزئی مسلم باغ

R.No......

ڈپٹی کمشنر جھل مگسی عوام دوست اور مثالی منتظم ثابت ہوئے

گنداواہ جھل مگسی (نامہ نگار: محمد قاسم سیال) ڈپٹی کمشنر جھل مگسی اپنی عوام دوست پالیسی، ایمانداری اور مثالی انتظامی صلاحیتوں کی بدولت ضلع میں ایک قابل قدر شخصیت کے طور پر ابھرے ہیں۔ چارج سنبھالنے کے بعد سے وہ ہمہ وقت اپنے فرائض کی ادائیگی میں سرگرم عمل ہیں اور عوامی مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات کو یقینی بنا رہے ہیں۔ ان کے دفتر کے دروازے ہر خاص و عام کیلئے کھلے رہتے ہیں، جہاں شہری بلا خوف و جھجک اپنے مسائل بیان کرتے ہیں اور فوری دادرسی پاتے ہیں۔ ضلعی ہیڈکوارٹر گنداواہ اور تحصیل نوتال سمیت تمام مرکزی روٹس پر امن و امان کے قیام کیلئے انہوں نے موثر حکمت عملی اپنا رہے ہیں جس کے نتیجے میں جرائم کی شرح میں نمایاں کمی اور عوامی اعتماد میں اضافہ ہوا ہے

کچھی کے لوگ پرامن ہیں چند مٹھی بھر عناصر امن خراب کررہے ہیں، ڈی سی

عوام کو فورسز پر اعتماد ہے مل کر علاقے کو امن کا گہوارہ بنائیں گے، جمعداد مندوخیل

بھاگ (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر کچھی کیپٹن ریٹائرڈ جمعداد مندوخیل نے کہا ہے کہ کچھی کے لوگ پرامن ہیں چند مٹھی بھر عناصر کچھی کے امن کو خراب کررہے ہیں عوام کو فورسز پر اعتماد ہے مل کر علاقے کو امن کا گہوارہ بنائیں گے صوبائی حکومت کی جانب سے شہید کے لواحقین کے لیے ایک کروڑ گیارہ لاکھ امداد چھوٹے بھائی کو ملازمت اور سکول اور سڑک کو شہید کے نام منسوب کرنے کا اعلان ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز کھلن بابانی میں ڈاکوؤں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے لیویز اہلکار محمد محسن اعوان کے نماز جنازہ کے بعد عوام کے جم غفیر سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ایس ایس پی کچھی رانا دلاور کرنل ایف سی لہڑی ونگ محمد زبیر و دیگر سیکیورٹی فورسز کے اعلی آفیسران علاوہ قبائلی عمائدین بھی موجود تھے انہوں نے کہا یہ شہید کا جنازہ کا تھا تاریخ کا اتنا بڑا جنازہ و ملک دشمن عناصر کو پیغام دے رہا ہے جو امن اور ترقی کے دشمن ہیں یہ پورا علاقہ ان کے خلاف ہے یہ عوام اپنے ملک کی فورسز کے ساتھ ہیں یہ 20۔25 لوگ ہیں جو کچھی بھاگ کے امن کو خراب کررہے ہیں ہم جرائم پیشہ افراد کو انجام تک پہنچائیں گے انہوں نے شہید کے والد کے جذبے کو سراہتے ہوئے کہا کہ میرے مزید چار بیٹے پولیس لیویز میں ہیں۔ وہ ملک کے لیے قربان ہیں جس قوم میں ایسا جذبہ موجود ہو اس ملک کو کوئی دشمن کی کوئی طاقت نقصان نہیں پہنچا سکتی۔

13 اکتوبر سے پولیو سے بچاؤ قومی مہم کا آغاز کیا جارہا ہے، رزاق نجک

عوام محکمہ صحت کی ٹیموں کے ساتھ تعاون، بچوں کو حفاظتی قطرے ضرور پلائیں

اوستہ محمد (اے پی پی) ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد رزاق خان نجک نے اعلان کیا ہے کہ 13 اکتوبر سے 16 اکتوبر تک شہر بھر میں پولیو سے بچاؤ کی قومی مہم کا آغاز کیا جارہا ہے، اس دوران محکمہ صحت کی ٹیمیں گھر گھر جا کر پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ وڈیو پیغام میں کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ محکمہ صحت کی ٹیموں کے ساتھ مکمل تعاون کریں اور اپنے بچوں کو حفاظتی قطرے ضرور پلائیں۔ انہوں نے والدین کو یقین دہانی کرائی کہ پولیو ویکسین بالکل محفوظ ہے اور اس میں کسی قسم کا نقصان دہ مواد شامل نہیں ہے۔ اگر کسی وجہ سے ٹیم آپ کے گھر نہیں پہنچ پائی، تو قریبی مرکز صحت یا دیے گئے نمبر پر رابطہ کریں، ہماری ٹیم دن ہو یا رات، آپ کے دروازے تک پہنچے گی اور بچوں کو قطرے پلائے گی، "ڈی سی اوستہ محمد نے کہا پولیو مہم کے فوراً بعد 17 نومبر سے 12 روزہ خسرہ (Measles) ویکسینیشن مہم کا آغاز بھی کیا جارہا ہے۔

زیارت، سنجاوی میں انسداد پولیو مہم 13 اکتوبر سے شروع ہوگی

مہم کے دوران ستائیس ہزار بچوں کو انسداد پولیو کے قطرے پلائیں جائیں

زیارت (ن ن) ڈپٹی کمشنر محمد ریاض خان داوڑ کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں ڈی پیک کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈبلیو ایچ او کے ڈاکٹر نور اللہ خان نے انسداد پولیو مہم کے بارے میں بریفنگ دی زیارت اور سنجاوی میں انسداد پولیو مہم 13 اکتوبر کو شروع ہوکر 16 اکتوبر کو اختتام پذیر ہوگی ڈسٹرکٹ زیارت میں انسداد پولیو مہم کے دوران ستائیس ہزار بچوں کو انسداد پولیو کے قطرے پلائیں جائیں گیا اجلاس سے ڈپٹی کمشنر زیارت محمد ریاض خان داوڑ نے خطاب کرتے ہوئے کہ انسداد پولیو مہم ایک قومی مہم ہے اس مہم کو کامیاب بنانے کے لیے سب کو کردار ادا کرنا ہوگا اس سلسلے میں میڈیا اور سول سوسائٹی اہم کردار ادا کرسکتے ہیں پاکستان میں پولیو وائرس کی موجودگی دنیا میں ہماری بدنامی کا باعث بن رہا ہے پولیو فری پاکستان ہمارا ویژن ہے اگر ایک بچہ بھی قطروں سے رہ گیا تو یہ مہم کامیاب نہیں ہوگا۔

بعدالت سول جج مسلم باغ

جانشینی نمبر 21/2025 متدائرہ 26/9/2025

1۔ عائشہ کمال راحتزئی بیوہ اکرم شاہ 2۔ راحیلہ اکرم 3۔ وجیہ اکرم 4۔ مزدلیفہ اکرم 5۔ معاذ خان پسران و دختران اکرم شاہ مرحوم اقوام راحتزئی ساکنان گلی عبداللہ ہر راحتزئی مسلم باغ بنام عوام الناس

درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ زیر دفعہ 372 سکسیشن ایکٹ 1952

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ بمقام مندرجہ درخواست جانشینی سائل نے بذریعہ کونسل عدالت ہذا میں گزاری ہے جس کی تاریخ پیشی مورخہ 10/10/2025 کو مقرر ہو چکی ہے لہذا عوام الناس بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو درخواست جانشینی سرٹیفکیٹ عنوان بالا کی بابت کوئی اعتراض ہو تو مقررہ بالا تاریخ پیشی پر عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہو کر پیروی دعوی اور خواست کریں بصورت دیگر یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی آج بمورخہ 26/9/2025 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

عبدالرزاق سرگزئی مسلم باغ

بعدالت فیملی جج (III) کوئٹہ

مثل نمبر 2025 درخواست گارڈین

1۔ ظفر اللہ مینگل 2۔ حافظ حماد اللہ 3۔ عبداللہ 4۔ ثناء اللہ 5۔ صفی اللہ 6۔ ریحانہ 7۔ بی بی حوا 8۔ عقیلہ واصغر تمام پسران و دختران فیض اللہ سکنہ یمن ٹاؤن کوئٹہ بنام عوام الناس

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 13/10/2025 مقرر ہو چکی ہے بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کسی قسم کی کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ سماعت پر حاضر عدالت ہذا ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی اشتہار ہذا آج بمورخہ 25/9/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

62173

بعدالت عالیہ بلوچستان کوئٹہ

سول رویژن نمبر 321 سال 2024

1۔ حاجی اکبر خان ولد حاجی کریم خان 2۔ دلبر ولد ظریف خان 3۔ محمد صابر ولد صاحب خان 4۔ محمد یاسین ولد صاحب خان 5۔ محمد قاسم ولد اکبر خان 6۔ عبدالرحمن ولد حاجی دلبر خان اور دیگر تمام وغیرہ موضع اطلاع کے تمانکہ تحصیل دکی .... پٹیشنر

بنام:۔ 1۔ حاجی جمال 2۔ نور محمد ولد داد محمد 3۔ حاجی لعل محمد ولد شیر خان 4۔ رمضان ولد زوران 5۔ محمد رفیق ولد لعل محمد 6۔ عطاء اللہ خان ولد جمال خان تمام وغیرہ ذات ناصر سکنہ دکی .... ریسپانڈنٹس

اشتہار بنام ریسپانڈنٹس نمبر 3 تا 5:۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا ریسپانڈنٹس 3۔ حاجی لعل محمد ولد شیر خان 5۔ محمد رفیق ولد لعل محمد ذات ناصر سکنہ دکی دیدہ و دانستہ تعمیل سمن سے گریزاں ہے اور دستیاب نہیں ہو سکا لہذا بذریعہ اشتہار ہذا ان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ مورخہ 19/11/2025 بوقت صبح 9:00 بجے عدالت عالیہ بلوچستان کوئٹہ میں خود یا بذریعہ وکیل پیش ہو کر مقدمہ ہذا کی پیروی کرے بصورت دیگران کے خلاف کاروائی حسب ضابطہ یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی آج مورخہ 4 ستمبر 2025 کو میرے دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا

62165

(محمد سلیم خان) اسسٹنٹ رجسٹرار (جوڈیشل ایس بی) عدالت عالیہ بلوچستان کوئٹہ

بعدالت تحصیلدار ہرنائی / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار ہذا کو مطلع کیا جاتا ہے درخواست گزار مسمی محمد جاوید ولد ذلہ خان قوم کاکڑ سنزرخیل نے تحریری درخواست اور بمطابق شرعی فتوی اور درخواست کنندہ کے خاندان کی تفصیل پیش کرکے استدعا کی ہے کہ میرا والد بقضائے الہی فوت ہو چکا ہے جسکے پسماندگان میں بیوی ذلہ خان چار بیٹے اور پانچ بیٹیاں زندہ ہیں موضع کوئی پیہ صدر زیر کھاتہ کھتونی 7/7 خسرہ 3 رقبہ تعدادی 6 رودہ 24 پول آئی ریکارڈ ہے بمطابق شرعی فتوی جامعہ مدرسہ دارالعلوم محمودیہ اربوز ہرنائی نے شرعی فتوی جاری کردیا ہے اس کے علاوہ اور کوئی جائز وارث نہیں ہے اگر کسی شخص یا پارٹی کو عذر اعتراض ہے تو اندر سات 7 یوم کے اندر اعتراض پیش کرسکتا ہے بعد اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بمورخہ 24/9/2025 میرے مہر دستخط سے جاری ہوا

ADVT سٹرل

بعدالت سول جج مسلم باغ

جانشینی نمبر 22/2025 متدائرہ 26/9/2025

1۔ عائشہ کمال بیوہ اکرم شاہ 2۔ مزدلیفہ 3۔ وجیہ اکرم دختران اکرم شاہ مرحوم اقوام راحتزئی ساکنان گلی عبداللہ ہر مسلم باغ بنام عوام الناس

درخواست برائے حصول گارڈین سرٹیفکیٹ زیر دفعہ 25 گارڈین ایکٹ 1890

METHOD OF PROCUREMENT: The procurement shall be made in accordance with Baluchistan Public Procurement Regulatory Authority (BPPRA) rules-2014 (amended up-to-date). **Single Stage – Two envelope** procedure on submission of tender fee of **Rs. 1,500/=** (Non-refundable), deposited through Green challan in **A/C: 3037265725 NBP District Council Mastung** in NBP in the favor of undersigned. The same bidding documents can also be downloaded from B-PPRA website. The name of firm/s and address must be clearly mentioned on the cash deposit slip along with written application on letter head of the firm/s. Bid Validity period is 90 days. **ELIGIBILITY CRITERIA OF BIDDER**: Eligibility criteria can be seen in bidding documents **BID/S SUBMISSION & DEADLINE:** The Technical and Financial proposals by bidding firm/s must be delivered to the address mentioned below before or on **13th Oct. 2025** till **11:00 am.** The documents received after the due date and time will not be accepted. **BID OPENNING:** The envelope containing **"Technical Bids"** will only be opened on the same day i.e. **13th Oct, 2025 at 12:00 pm.** Whereas, Financial bids of technically qualified bidder/s will be open afterwards. **TERMS & ADDRESS:** Office of District Council Mastung at, District Mastung.

AB No.304/26-9-2025

(CHIEF OFFICER) DISTRICT COUNCIL, MASTUNG

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The PMU BESP Schol Education Department GoB invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-252609877131Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.**

Tender Fee Not required and Bid Security 2%

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Furniture & Fixtures (**Total Item(s) Count:** 7)	2 %

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 3,000,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 2,000,000 PKR in 1 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in- eligible and non-responsive The bidder must be registered as a manufacturer under GST The eligible bidder must provide the samples of each items after eligibility assessment & before financial opening **Procedure Of Procurement:**Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **13 October, 2025** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **13 October, 2025** till **09:30 AM** . **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under- signed at **10:30 AM**
Address: H. No 74-A. Chaman Housing Scheme Quetta
Phone no: 0812864295 **Email:** zahoor022@gmail.com

AB No.299/26-9-2025

Procurement Officer PMU BESP School Education Department GoB

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اطلاع برائے ٹیسٹ و انٹرویو

بحوالہ اشتہار PRQ No. 1163/09-09-2025 جو کہ محکمہ ریونیو کی جانب سے درجہ چہارم کی ملازمت کی خالی آسامی کو پر کرنے کیلئے مقامی اخبارات میں مشتہر کیا گیا تھا بذریعہ اطلاع دی جاتی ہے کہ جن امیدواروں نے اپنی درخواستیں زیر دستخطی کے دفتر میں جمع کی ہے ان تمام امیدواروں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درجہ چہارم کے خالی آسامی کے انٹرویو ریکروٹمنٹ کے سامنے درج ذیل تاریخ کو ہونگے جو کہ درج ذیل ہے

نمبر شمار	نام آسامی	تاریخ ٹیسٹ انٹرویو	مقام ٹیسٹ انٹرویو
1	نائب قاصد (B -01)	02-10-2025	ڈپٹی کمشنر آفس سوراب

لہٰذا ان تمام امیدواروں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ٹیسٹ انٹرویو کے دن تمام اصل کاغذات اپنے ہمراہ لائیں۔ ٹیسٹ انٹرویو صبح 10:00 بجے ڈپٹی کمشنر آفس سوراب میں ہونگے۔

ڈپٹی کمشنر شہید سکندر آباد

PRQ No1572/26-09-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

EXTENSION OF DATE

The Tender published in Electronic Media (BPPRA Website) and Printed Media (Daily News paper Quetta on 9th September 2025) vide PRQ No. 1111/08-09-2025 for works S.No.1 to 11 and (Daily News Paper Quetta on 10th September 2025) vide PRQ No. 1135/09-09-2025 for works S.No. 1 to 2, which opening date was fixed on **26th September -2025** is hereby extended due to some unavoidable circumstances. New date of submission and opening are as under (Other terms and condition are same)

Date / Time of Submission:- **03-10-2025 at 12:00pm**
Date / Time of Opening:- **03-10-2025 at 01:00pm**

PRQ No.1561/26-9-2025

EXECUTIVE ENGINEER (BUILDINGS) CWPP&H DEPARTMENT NASEERABAD AT D.M.JAMALI

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1 — بشمول کیے ایامیہ

ہے۔ انہوں نے 1988 کے پابندیوں کے نظام میں زمینی حقائق کے مطابق نرمی کرنے پر زور دیا اور خاص طور پر طالبان حکام کے سفر پر پابندیوں سے متعلق رعایتوں میں دوہرے معیار اور سیاسی مفادات سے خبردار کیا۔ اگست 2022 سے اب تک طالبان رہنماؤں کو سرکاری اور ذاتی وجوہات کی بنا پر تقریباً چار درجن بار سفری پابندیوں سے استثنیٰ دیا جا چکا ہے۔ روس نے حالیہ ہفتوں میں امریکا کے اس نئے موقف پر تنقید کی ہے کہ وہ 1988 کی طالبان پابندی کمیٹی کے کام کو سیاسی بنانے اور اپنے تنگ مفادات کے لیے استعمال کر رہا ہے۔ وزرائے خارجہ نے افغان عوام کو بلا سیاسی امتیاز مزید ہنگامی امداد فراہم کرنے کے لیے عالمی برادری سے اپیل کی اور اس بات پر زور دیا کہ انسانی ہمدردی کی امداد کو جاری رکھا جائے۔ چاروں ممالک نے پوست کی کاشت میں کمی کی کوششوں کو سراہا لیکن میتھ ایمفیٹامین جیسے مصنوعی منشیات میں اضافے پر تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے منشیات کے خلاف جامع اقدامات، منظم جرائم کے نیٹ ورکس کے خلاف مشترکہ کارروائی، اور متبادل روزگار و زرعی معاونت کے لیے بین الاقوامی مدد پر زور دیا۔ چاروں وزرائے خارجہ نے کہا کہ افغانستان کی موجودہ صورتحال کی بنیادی ذمہ داری نیٹو رکن ممالک پر عائد ہوتی ہے۔ انہوں نے یکطرفہ پابندیاں ختم کرنے، منجمد افغان اثاثے واپس کرنے اور افغانستان یا اس کے اردگرد کسی بھی غیر ملکی فوجی اڈے کے قیام کی مخالفت کا مطالبہ کیا۔

بقیہ 2 — شہباز شریف

خطے میں امریکی صدر کی امن کی ترویج کیلئے غیر معمولی کوششوں کے اعتراف میں پاکستان نے انہیں امن کے نوبل انعام کے لیے نامزد کیا ہے، جنوبی ایشیا کو اشتعال انگیز کے بجائے فعال قیادت کی ضرورت ہے، سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ اور غیر قانونی طور پر معطل کرنے کی کوشش بین الاقوامی قانون کے اصولوں کے خلاف ہے، ہم اپنے 24 کروڑ عوام کے ان پانیوں پر حق کا ضرور اور پرجوش دفاع کریں گے، پاکستان اور پاکستانی عوام اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ ہیں اور ایک دن بھارت کا ظلم و ستم وادی میں مکمل طور پر رک جائیگا، کشمیر اقوام متحدہ کی نگرانی میں ایک غیر جانبدارانہ رائے شماری کے ذریعے اپنے بنیادی حق خودارادیت حاصل کریگا، بھارت کی ہندوتوا سمیت دیگر نظریات پوری دنیا کے لیے خطرہ ہیں، اسلاموفوبیا کے حوالے سے بڑھتے واقعات کو بھی روکنا ہوگا، فلسطینی عوام کی حالت زار ہمارے دور کے سب سے دل دہلا دینے والے المیوں میں سے ایک ہے، مغربی کنارے میں غیر قانونی آباد کار بلاخوف و خطر روزانہ فلسطینیوں کو شہید کر رہے ہیں، کوئی ان سے باز پرس کرنے والا نہیں، ہمیں ابھی جنگ بندی کا راستہ تلاش کرنا ہوگا، فلسطین اب مزید اسرائیلی بیڑیوں میں نہیں رہ سکتا، اسے آزاد ہونا چاہیے اور پوری وابستگی اور پوری قوت کے ساتھ آزاد ہونا چاہیے، قطر میں اسرائیلی حملے کی بھرپور مذمت اور یوکرین تنازعے کے پرامن حل کی کوششوں کی حمایت کرتے ہیں، افغانستان میں امن خطے کے امن کے لیے ضروری ہے، افغان حکومت کو انسانی حقوق اور بالخصوص خواتین کے حقوق کے حوالے سے اقدامات اٹھانا ہوں گے، امید کرتے ہیں دہشتگرد گروہوں کیخلاف کارروائی کرے گی اور اپنی سرزمین کو کسی کیخلاف استعمال نہیں ہونے دیں گے، پاکستان چین کے گلوبل گورننس کے حوالے سے اقدامات کی حمایت کرتا ہے اور پاکستان ہمیشہ امن، انصاف اور ترقی کے لیے آواز اٹھاتا رہے گا، ہماری دنیا آج ہمیشہ سے کہیں زیادہ پیچیدہ ہو گئی ہے، عالمی قوانین کی کھلے عام خلاف ورزی کی جا رہی ہے، انسانی بحران

بقیہ 66 — کی تجویز

جانب سے قطر سے ایل این جی معاہدوں پر بریفنگ دی گئی۔ ذرائع کے مطابق حکام پیٹرولیم ڈویژن نے بتایا کہ قطر سے دو معاہدوں کے تحت سالانہ 108 ایل این جی کارگوز درآمد کے معاہدے ہیں۔ ذرائع کے مطابق ایل این جی درآمد میں کمی سے متعلق قطر کو تحریری طور پر درخواست کی جائے گی، ملک میں ایل این جی کھپت بڑھانے کیلئے گھریلو صارفین کو ایل این جی دی جائے گی۔ حکام پیٹرولیم ڈویژن نے بتایا کہ قطر سے دو معاہدوں کے تحت 108 ایل جی کارگوز کے معاہدے ہیں، سالانہ کتنے کارگوز موخر کرنے ہیں ابھی حتمی فیصلہ نہیں کیا گیا۔ کمیٹی کو بتایا گیا کہ ایل این جی کھپت کم ہونے کی بڑی وجہ پاور سیکٹر کی طلب میں کمی بھی ہے، قائمہ کمیٹی کو گیس سیکٹر کے گردشی قرض پر بھی بریفنگ دی گئی۔

بقیہ 67 — پر خراج تحسین

وکنٹرول، ذہنی صحت اور فلاح و بہبود کے فروغ تھا اس موقع پر سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے ایک موثر خطاب کیا۔ اپنے خطاب میں سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ پاکستان بالخصوص بلوچستان کے عوام عالمی سطح پر اپنی مثبت شناخت اور ترقی کے خواہاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی سرزمین اپنے وسائل، ثقافت اور عوامی خدمات کے اعتبار سے ملک و قوم کا قیمتی سرمایہ ہے اور انہیں فخر ہے کہ وہ نہ صرف پاکستان بلکہ بلوچستان کی آواز کو عالمی سطح پر اجاگر کر رہی ہیں انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ بلوچستان کے عوام عالمی سطح پر اپنی مثبت شناخت اور ترقی کے خواہاں ہیں اور وہ اس خواہش کو حقیقت کا روپ دینے کیلئے سرگرم عمل ہیں۔ انہوں نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان عوام کی صحت، ذہنی تندرستی اور فلاح و بہبود کے فروغ کے لئے اقوام متحدہ اور عالمی برادری کے ساتھ مل کر مربوط اقدامات کرتا رہے گا سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری کی بین الاقوامی اجلاس میں شمولیت اور موثر خطاب کو پاکستان خصوصاً بلوچستان کے لئے ایک اعزاز قرار دیا جا رہا ہے۔ باشعور عوامی حلقوں نے سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری کی اقوام متحدہ کے زیر اہتمام منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس میں پاکستان بالخصوص بلوچستان کی موثر نمائندگی کرنے پر خراج تحسین پیش کیا ہے۔

بقیہ 68 — اویس لغاری

سود کے ساتھ سستا قرضہ حاصل کیا، ہم نے اس فیصلے کا بوجھ عوام پر پڑنے نہیں دیا، گردشی قرضہ ختم نہیں ہو رہا تھا، اب اسے ختم کر کے رہیں گے۔ وزیر توانائی کا مزید کہنا تھا کہ اگر آئندہ 6 برسوں میں بجلی کا استعمال زیادہ ہوا تو ممکن ہے کہ باقی گردشی قرضہ مقررہ مدت سے قبل ہی ختم ہو جائے۔ انہوں نے بتایا کہ انرجی سیکٹر پر مجموعی طور پر 2400 ارب روپے کا گردشی قرضہ تھا، جس میں سے ہم نے 800 ارب کا قرض بہترین پرفارمنس کے ساتھ بغیر قرض لئے کم کیا۔ چوری ختم اور بہترین ریکوری کی مد میں ہم نے 242 ارب روپے کا قرضہ ختم کیا، سود پر انٹرسٹ ریٹ کم ہونے سے 175 ارب روپے، مائیکرو اکنامک کنڈیشنز میں بہتری کے باعث 363 ارب روپے، آئی پی پیز کے ساتھ ازسرنو کانٹریکٹس، لیٹ پیمنٹ چارجز ختم کرنے کے باعث مجموعی طور پر 816 روپے کا گردشی قرضہ کم کیا، جس سے کل گردشی قرضہ 2 ہزار 393 ارب سے کم ہو کر 1614 ارب پر آ گیا ہے۔

حکومت معاشی و تجارتی سرگرمیوں کو فروغ دیکر آسانیاں پیدا کرے گی، گورنر

تمام منتخب عوامی نمائندے لوگوں کو متحد کرنے کیلئے شعوری کاوشیں بروئے کار لاکر بے سہارا افراد کے حقوق کی وکالت کریں

ترقیاتی منصوبوں کو جلد پایہ تکمیل تک پہنچا کر ان کے ثمرات عام آدمی تک پہنچانے کیلئے ہماری کوششیں جاری ہیں' ژوب میں وفود سے گفتگو

ہمارے نوجوان باصلاحیت البتہ مواقعوں اور وسائل کی کمی بڑی رکاوٹ ہیں' ژوب ڈویژن اسپورٹس فیسٹیول کی اختتامی تقریب سے خطاب

ژوب (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ سیاست ایک سماجی ذمہ داری ہے۔ لوگوں میں اپنے حقوق و فرائض کا اجتماعی احساس جگانے، سماجی انصاف کا بول بالا کرنے، جمہوری رویوں کو فروغ دینے اور عوامی حقوق و اختیارات کی پاسداری کو یقینی بنانے میں سیاسی تنظیمیں اور سیاسی کارکنان کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ اس ضمن میں تمام تر منتخب عوامی نمائندوں کی سیاسی اور سماجی ذمہ داری ہے کہ وہ لوگوں کو تقسیم کرنے کی بجائے متحد کرنے کیلئے شعوری کاوشیں کریں اور بے آواز اور بے سہارا لوگوں کے حقوق اور مفادات کی بھرپور وکالت کریں۔........ بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل سے بیوٹمز ژوب کیمپس کے طلباء ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان، بچوں میں کینسر کی تشخیص کیلئے مفت اسکیننگ شروع کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان میں کینسر کی روک تھام کیلئے حکومت کی جانب سے بڑا اقدام سامنے آیا ہے۔ یورپ کے سب سے بڑے کینسر ریسرچ سینٹر کے وفد نے وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال سے ملاقات کی۔ معروف عالمی کینسر اسپیشلسٹ ڈاکٹر اسٹیلین فساٹا کی سربراہی میں آنے والے ڈاکٹرز اور ریسرچرز پر مشتمل وفد نے پاکستان میں کینسر کی روک تھام کیلئے جدید ترین ٹیکنالوجی کے ذریعے ایک سال تک بچوں کی فری کینسر اسکیننگ کرنے کا اعلان کیا۔

اسرائیلی وزیراعظم مسلمانوں کا بدترین دشمن ہے، سینیٹر عبدالقادر

اسرائیلی فوج ایک لاکھ سے زائد فلسطینیوں کو شہید اور دو لاکھ سے زائد کو زخمی کر چکی

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو دنیا بھر کے مسلمانوں خصوصاً فلسطینیوں کا بدترین دشمن ہے نیتن یاہو کی مسلم دشمنی ساری دنیا پر واضح ہو چکی ہے نیتن یاہو دو برس سے فلسطین پر مسلسل وحشیانہ حملے کر رہا ہے گزشتہ دو سالوں میں اسرائیلی فوج ایک لاکھ سے........ بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

پنجاب، سرکاری میڈیکل کالجز میں داخلے کیلئے ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ پاس کرنا ضروری قرار

لاہور (بیورو رپورٹ) پنجاب میں سرکاری میڈیکل کالجز میں داخلے کیلئے ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ پاس کرنا ضروری قرار دے دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی زیر صدارت اجلاس میں محکمہ صحت سے متعلق فیصلے کیے گئے۔ پنجاب کے پبلک اور پرائیویٹ میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالجز کے لیے ایڈمشن پالیسی کی منظوری دی گئی ہے، سرکاری میڈیکل کالجز میں داخلے کیلئے ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ پاس کرنا ضروری قرار دیا گیا ہے جبکہ اوورسیز پاکستانیز بچوں کیلئے ایم ڈی کیٹ میں 10 ہزار ڈالر فیس مقرر کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ نئی میڈیکل کالج کی لسٹ میں نام آنے پر امیدوار کو یو ایچ ایس میں ایک تہائی فیس جمع کرانا ہوگی

قطر سے ایل این جی کارگوز کی تعداد کم کر کے 5 سال تک موخر کرنے کی تجویز

ملک میں ایل این جی کھپت بڑھانے کیلئے گھریلو صارفین کو ایل این جی دی جائے گی، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکام پیٹرولیم ڈویژن نے بتایا ہے کہ حکومت قطر سے درآمدی ایل این جی کارگوز کی تعداد کم کر کے باقی آئندہ 5 سالوں تک موخر کرنے کی تجویز پر غور کر رہی ہے۔ تفصیلات کے مطابق قومی اسمبلی قائمہ کمیٹی پیٹرولیم کا مصطفیٰ محمود کی زیر صدارت ان کیمرہ اجلاس ہوا۔ اجلاس میں وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک بھی شریک ہوئے۔ پیٹرولیم ڈویژن کی........ بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد، خیبر پختونخوا میں زلزلے کے جھٹکے، 5.5 شدت ریکارڈ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد اور خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق اسلام آباد، راولپنڈی، پشاور، سوات، لوئر دیر اور چترال میں 5.5 شدت کا خوفناک زلزلہ ریکارڈ کیا گیا، زلزلے کی گہرائی 195 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی۔ زلزلہ پیما مرکز نے بتایا کہ زلزلے کا مرکز افغانستان میں ہندوکش ریجن تھا۔ زلزلے کے بعد عوام میں خوف و ہراس پھیل گیا، لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے گھروں سے باہر نکل آئے

ثمینہ ممتاز زہری کی اقوام متحدہ کے زیراہتمام اجلاس میں پاکستان کی نمائندگی

پاکستان بالخصوص بلوچستان کے عوام عالمی سطح پر اپنی مثبت شناخت کے خواہاں ہیں، سینیٹر

نیویارک / اسلام آباد (آن لائن) سینیٹ آف پاکستان کی فنکشنل کمیٹی برائے انسانی حقوق کی چیئرپرسن سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے امریکہ میں اقوام متحدہ کے زیراہتمام منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس کا موضوع غیر متعدی امراض کی روک تھام........ بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت کوئٹہ کے امیر مولانا حافظ حسین احمد شرودی، مولانا محمد طاہر، مولانا مفتی نیک محمد و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پاور سیکٹر کا گردشی قرضہ پاکستان کیلئے وبال جان بن گیا، اویس لغاری

گردشی قرضہ اب ختم کر کے رہینگے، بینکوں سے ساڑھے 3 سے ساڑھے 5 فیصد کم سود کیساتھ سستا قرضہ حاصل کیا

فیصلے کا بوجھ عوام پر پڑنے نہیں دیا، آئندہ 6 برسوں میں بینکوں کا قرض ختم کرینگے، وفاقی وزیر توانائی کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر توانائی اویس احمد خان لغاری نے کہا ہے کہ پاور سیکٹر کا گردشی قرضہ پاکستان کے لیے وبال جان بن گیا، جسے ختم کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا ہے۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے وفاقی وزیر توانائی اویس احمد خان لغاری نے کہا کہ پاور سیکٹر کا ایک ہزار 225 ارب روپے کا گردشی قرضہ بینکوں سے سستا قرضہ حاصل کر کے آئندہ 6 برسوں میں ختم کر دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں مہنگے قرضے لیے گئے، تاہم موجودہ حکومت نے بینکوں کے ساتھ کامیاب مذاکرات کر کے ساڑھے 3 سے ساڑھے 5 فیصد کم........ بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: ڈی سی میر عبداللہ بادینی پولیو ایریڈیکیشن کمیٹی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وفاق بلوچستان کو جائز حق دے، ملک دشمن عناصر کی سرکوبی میں مدد کرے، صوبائی وزراء

بلوچستان پاکستان کا محسن اسکی قربانیاں ناقابل فراموش اب اسے جائز مقام، حق، وسائل اور تحفظ دینا ناگزیر ہو چکا ہے' صادق عمرانی، محمد خان لہڑی

ہمیں اپنی صفوں میں اتحاد پیدا اوران عناصر کا ڈٹ کر مقابلہ کرنا ہوگا جو ملک میں انتشار پھیلا رہے ہیں' سردار عبدالرحمان کھیتران، نور محمد دمڑ

بلوچستان کے مسائل کا ترجیحی بنیادوں پر حل، سب سے بڑا مسئلہ صوبے میں بیرونی مداخلت کا ہے' صوبائی وزراء کی میڈیا سے بات چیت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزراء نے کہا ہے کہ بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کیلئے صوبائی حکومت دن رات کام کر رہی ہے بلوچستان کی طویل محرومیوں کا ہمیشہ سے خاتمہ ہوگا وہ وقت دور نہیں جب بلوچستان کے تمام اداروں کو ڈیجیٹلائز اور جدید خطوط پر استوار کرینگے بلوچستان پاکستان کا محسن صوبہ ہے جسے اس کا جائز مقام، وسائل اور تحفظ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے بلوچستان کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں' ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی، صوبائی وزیر پی ایچ ای سردار عبدالرحمان کھیتران، حاجی نور محمد دمڑ اور محمد........ بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

سی پیک فریم ورک کے تحت 14ویں مشترکہ تعاون کمیٹی کا اجلاس شروع

بیجنگ (مشرق نیوز) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ سی پیک عوام اور بالخصوص نوجوانوں کیلئے ترقی کا نیا دور ثابت ہوگا۔ جمعہ کو پاک چین اقتصادی راہداری کے فریم ورک کے تحت 14 ویں مشترکہ تعاون کمیٹی کا اجلاس بیجنگ میں شروع ہو گیا جس میں دونوں ممالک کے وزراء، لائن منسٹریز کے حکام اور ماہرین شریک ہیں، اجلاس کی مشترکہ صدارت پاکستان اور چین کے وزرائے منصوبہ بندی کر رہے ہیں۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے اجلاس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا

کوہستان کرپشن سکینڈل، 4 ملزمان کی پلی بارگین کیلئے درخواستیں دائر

پلی بارگین کیلئے اور اپنے ذمے واجب الادا رقم دینے کو تیار ہیں، ملزمان کا موقف

کوہستان (بیورو رپورٹ) کوہستان کے چالیس ارب کرپشن سکینڈل میں نامزد چار ملزمان نے احتساب عدالت میں پلی بارگین کی درخواستیں دائر کر دیں۔ نیب ذرائع کے مطابق پلی بارگین کیلئے درخواستیں دینے والوں میں سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ کے ہیڈ کلرک قیصر اور تین بے نامی حصہ داروں میں قیصر کی اہلیہ و دیگر دو شامل ہیں۔ ملزمان نے درخواستوں میں موقف اختیار کیا کہ وہ نیب کے ساتھ پلی بارگین کیلئے اور اپنے ذمے واجب الادا رقم دینے کو........ بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

شراب بوتلوں کی واپسی، جج کے دلچسپ ریمارکس پر عدالت میں قہقہہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے سرکاری تحویل سے 16 ہزار شراب کی بوتلوں کی واپسی سے متعلق درخواست پر پنجاب حکومت کو نوٹس جاری کر دیا۔ جمعہ کو جسٹس شکیل احمد کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ جسٹس عامر فاروق نے ریمارکس دیئے کہ 16 ہزار شراب کی بوتلیں پکڑی گئیں، شراب کی کنسائنمنٹ واپس لے کر کیا کریں گے؟، شراب پاکستانی ہے یا لوکل ہے، کیا ہے؟ اتنی شراب کہاں لیکر جا رہے تھے؟۔ وکیل صفائی نے بتایا کہ میرا موکل وئیر ہاؤس کا لائسنس ہولڈر ہے

اورکزئی میں مشتی قبیلے کا خوارج کے ظلم و ستم اور بھتہ خوری کیخلاف جرگہ

خوارج کو معصوم عوام سے بھتہ وصول کرنے نہیں دیا جائے گا، قبائلی عمائدین

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا (اورکزئی) کے علاقے حسن زودرہ میں مشتی قبیلے کے عوام نے خوارج کے خلاف ڈٹ جانے کا اعلان کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق مشتی قبیلے کے عمائدین اور عوام کی جانب سے خوارج کے ظلم و جبر اور بھتہ خوری کے خلاف ایک اہم جرگہ منعقد کیا گیا۔ جرگے سے قبل خوارج کے کارندے مبینہ طور پر بھتہ وصول کرنے آئے تھے، جو قبیلے کے عوامی ردعمل کے باعث وہ فرار ہونے پر مجبور ہو گئے........ بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: ممنوعہ پلاسٹک بیگز اور منی پیٹرول پمپس کیخلاف کریک ڈاؤن

500 کلو ممنوعہ پلاسٹک تھیلے ضبط، 18 افراد گرفتار جبکہ 11 جیل منتقل

8 شاپر ہولسیل دکانیں، 1 گودام اور 10 منی پیٹرول پمپس سیل کر دیے گئے

کوئٹہ (خ ن) ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی جانب سے ممنوعہ پلاسٹک تھیلیوں، پرائس کنٹرول اور زیادہ رش والے علاقوں میں قائم غیر قانونی منی پیٹرول پمپس کے خلاف بھرپور کارروائیاں کی گئیں۔ ان کارروائیوں کے دوران 500 کلو گرام ممنوعہ پلاسٹک تھیلے ضبط کر کے 18 افراد گرفتار کرلیا جبکہ 11 افراد جیل منتقل کر کے 8 پلاسٹک شاپر ہولسیلرز کی دکانیں اور ایک گودام سیل کرنے کے علاوہ 10 منی پیٹرول پمپس سیل کر دیے گئے۔ ضلعی انتظامیہ کی ٹیموں نے........ بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

اسپیشل مجسٹریٹ سریاب ڈویژن منی پیٹرول پمپس کیخلاف کارروائی کر رہے ہیں

عالمی برادری و مسلم ممالک غزہ میں جنگ بندی کیلئے اقدامات اٹھائیں، جمعیت نظریاتی

اسرائیل کے خونخوار اقدامات پر عالم اسلام کے حکمران جنرل اسمبلی کے اجلاس میں آواز بلند کریں' مولانا عبدالقادر لونی' مفتی شفیع الدین

اقوام متحدہ اور نام نہاد انسانی حقوق کی تنظیموں کو اسرائیلی ظلم و بربریت دکھائی نہیں دے رہی' مولانا محمود الحسن قاسمی' سید عبدالستار شاہ چشتی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ و دیگر نے گلوبل صمود فلوٹیلا برائے غزہ کے قافلہ پر اسرائیل ڈرون حملوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اسرائیل نے غنڈہ گردی کی حدیں پار کرلی عالمی برادری اور مسلم ممالک کے سربراہان غزہ میں جنگ روکنے کے لئے متفقہ طور پر اقدامات کریں کہ تمام اسلامی ممالک برطانیہ فرانس و دیگر ممالک........ بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

فارم 47 کی حکومت نے عوام دشمن پالیسیوں کے سوا کچھ نہیں کیا' پشتونخوا نیپ

مسلط حکومت کی جانب سے لیویز فورس کو ضم کرنے کا فیصلہ قابل مذمت ہے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ سے جاری کردہ ایک پریس ریلیز میں صوبے پر مسلط حکومت کی جانب سے لیویز فورس کو پولیس میں ضم کرنے کے فیصلے کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی ہے بیان میں کہا گیا ہے کہ ایک بار پھر ربڑ اسٹیمپ صوبائی اسمبلی کے ذریعے لیویز فورس کے خاتمے کا قانون منظور کرایا گیا ہے افسوسناک امر یہ........ بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم کا اسٹاک ایکسچینج کے تاریخی سطح عبور کرنے پر اظہار مسرت

ایک لاکھ 60 ہزار پوائنٹس کی سطح عبور کرنا کاروباری برادری کے حکومتی پالیسیوں پر اعتماد کا مظہر، شہباز شریف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے 100 انڈیکس کے ایک لاکھ 60 ہزار پوائنٹس کی تاریخی سطح عبور کرنے پر اظہار مسرت کیا ہے۔ انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم، کاروباری برادری اور حکومت کی محنت سے اسٹاک ایکسچینج میں ہر دن بلندیوں کی ایک نئی تاریخ رقم ہو رہی ہے۔........ بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

ہم جھوٹے مقدمات سے گھبرانے والے نہیں' بی این پی

پرامن جدوجہد کرتے ہوئے ہر پلیٹ فارم پر ظلم کے خلاف آواز بلند کرتے رہیں گے' اسلم بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی اعلامیہ کے مطابق پارٹی کے سینئر نائب صدر ساجد ترین ایڈووکیٹ نے گزشتہ روز بوگس ایف آئی آر کے خلاف کوئٹہ میں پٹیشن دائر کر دی گزشتہ روز پارٹی قائد سردار اختر جان مینگل، مرکزی سینئر نائب صدر ساجد ترین ایڈووکیٹ، مرکزی سیکرٹری جنرل ملک نصیر شاہوانی، مرکزی سیکرٹری اطلاعات آغا حسن بلوچ........ بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

کھلی کچہری کا مقصد شہریوں کی حکام بالا تک رسائی ممکن بنانا ہے، کمشنر کوئٹہ

انتظامی آفیسران مسائل سننے کے بعد حل کیلئے موقع پر ہی سائلین کی داد رسی یقینی بنا رہے ہیں' شاہزیب خان کاکڑ

وزیراعلیٰ بلوچستان مسائل کے حل کیلئے اقدامات اٹھا رہے ہیں جس پر پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کو ترجیح دی جاری ہے' صحافیوں سے گفتگو

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایت پر ان کے وژن کے مطابق عوام کے دیرینہ مسائل کے حل اور انہیں عملی جامہ پہنانے کیلئے صوبہ بھر میں انتظامی آفیسران نے کھلی کچہری کا انعقاد شروع کر دیا ہے جس کا مقصد عام لوگوں اور شہریوں کے اپنے مسائل کے حل کیلئے حکام بالا تک با آسانی رسائی کو ممکن بنانا ہے اور انتظامی آفیسران سائلین کے مسائل سننے کے بعد فوری نوعیت کے معاملات کے حل کیلئے موقع پر ہی احکامات جاری کر کے ان کی داد رسی کو یقینی بنا رہے ہیں۔........ بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

سوشل میڈیا پر قیدیوں کے احتجاج کی خبریں بے بنیاد ہیں' سپرنٹنڈنٹ مستونگ جیل

چند عناصر دانستہ پروپیگنڈا کر کے انتظامیہ کو بدنام کرنے کی کوشش کر رہے ہیں

مستونگ (آن لائن) سپرنٹنڈنٹ سینٹرل جیل مستونگ نے کہا کہ سوشل میڈیا پر سینٹرل جیل مستونگ میں قیدیوں کے احتجاج اور تشدد سے متعلق پھیلائی جانے والی خبریں سراسر بے بنیاد اور من گھڑت ہیں ان میں کسی قسم کی کوئی صداقت نہیں ہے اور یہ محض جھوٹے پروپیگنڈے کے ذریعے انتظامیہ کو بدنام کرنے کی کوشش ہے۔ حقیقت........ بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

عالمی برادری لداخ، کشمیر میں مظالم کا فوری نوٹس لے، مشعال ملک

لداخ میں بھارتی فورسز کی سیاہ کاریاں عالمی امن کے علمبرداروں کے منہ پر طمانچہ ہیں، بیان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حریت رہنما یاسین ملک کی اہلیہ مشعال ملک نے کہا ہے کہ عالمی برادری لداخ اور کشمیر میں بھارتی مظالم کا فوری نوٹس لے۔ ایک بیان میں مشعال ملک نے کہا کہ مقبوضہ وادی میں بھارتی بربریت کے شعلے اب لداخ کو بھی اپنی لپیٹ میں لے رہے ہیں، لداخ میں بھارتی فورسز کی سیاہ کاریاں عالمی امن کے علمبرداروں........ بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

موسیٰ خیل میں نایاب جنگلی بندر کو 60 گولیاں مار کر ہلاک کر دیا گیا

بندر مویشیوں پر حملہ آور ہوتا تھا، علاقہ مکین، ملوث عناصر کیخلاف کارروائی کی جائے، عوامی حلقے

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے ضلع موسیٰ خیل میں نایاب جنگلی بندر کو 60 گولیاں مار کر ہلاک کر دیا گیا۔ ضلع موسیٰ خیل کے علاقے زمری پلاسین میں مقامی افراد نے ایک نایاب جنگلی بندر کو 60 گولیاں مار کر ہلاک کر دیا۔ علاقہ مکینوں کے مطابق یہ بندر بار بار ان کے مال مویشیوں پر حملہ آور ہوتا رہا، جس کے باعث مقامی لوگوں نے اسے شکار کیا۔ عوام نے........ بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

شہداء کی قربانیاں کبھی فراموش نہیں کی جاسکتیں، سردار عبدالرحمٰن کھیتران

روزے خان حسنی اور نبی جان حسنی نے وطن پر قربان ہوئے، بات چیت، لواحقین سے تعزیت

بارکھان (آن لائن) صوبائی وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ و واسا سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے یونین کونسل رڑکن میں پاک فوج کے شہداء روزے خان حسنی اور نبی جان حسنی کے اہل خانہ سے ملاقات کی۔ وہ حالیہ دنوں وادی تیراہ میں امن دشمنوں کی فائرنگ کے نتیجے میں مادر وطن پر قربان ہو گئے تھے۔ سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے شہداء کے اہل خانہ........ بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

ریلوے ٹریک دھماکہ: جعفر ایکسپریس چوتھے روز بھی معطل رہی

ٹریک کا 300 فٹ سے زائد حصہ متاثر ہوا، عملہ دن رات مرمت کا کام کر رہا ہے، حکام

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مستونگ کے علاقے سپیزنڈ میں ریلوے ٹریک پر ہونے والے دھماکے کے بعد جعفر ایکسپریس چوتھے روز بھی معطل رہی، متاثرہ ٹریک اور پل کی مرمت کا کام تیزی سے جاری ہے۔ ریلوے حکام کے مطابق سپیزنڈ کے قریب دھماکے میں ریلوے ٹریک کا 300 فٹ سے زائد حصہ بری طرح متاثر ہوا جبکہ ایک بوگی الٹنے اور چار سے پانچ........ بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

دہشتگردی سے متاثرہ شہریوں کی امداد کا ترمیمی بل پنجاب اسمبلی میں پیش

شہداء کے لواحقین کی امداد 25 لاکھ، زخمیوں کی 10 لاکھ روپے مقرر کرنے کی تجویز

لاہور (بیورو رپورٹ) دہشتگردی سے متاثرہ شہریوں کی امداد کا ترمیمی بل 2025 پنجاب اسمبلی میں پیش کر دیا گیا۔ پنجاب اسمبلی میں پیش کیے گئے دہشتگردی سے متاثرہ شہریوں کی امداد کے ترمیمی بل 2025 میں شہید شہریوں کے لواحقین کی امداد 10 لاکھ سے بڑھا کر 25 لاکھ روپے کرنے کی تجویز دی گئی ہے جبکہ زخمی شہریوں کی امدادی رقم بھی 5 سے بڑھا کر........ بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

ہر پاکستانی شہری 3 لاکھ 18 ہزار 252 روپے کا مقروض

پاکستان پر قرضوں کا بوجھ سالانہ اوسطاً 13 فیصد کی شرح سے بڑھ رہا ہے، رپورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان پر قرضوں کا بوجھ خطرناک حد تک بڑھ گیا ہے اور ملک پر بڑھتے ہوئے قرضوں کے باعث ہر پاکستانی شہری اس وقت 3 لاکھ 18 ہزار 252 روپے کا مقروض ہو گیا ہے۔ اکنامک پالیسی اینڈ بزنس ڈویلپمنٹ کی ملکی قرضوں کی صورت حال پر تازہ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اس وقت ہر پاکستانی شہری 3 لاکھ 18 ہزار 252 روپے کا مقروض ہے جبکہ 10 سال پہلے ہر شہری 90 ہزار 47 روپے کا مقروض تھا۔ رپورٹ........ بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: پارلیمانی سیکرٹری انجینئر عبدالمجید بادینی اور ایم پی اے علی مدد جتک میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

اب بھی متحد نہ ہوئے تو شاید فنا ہونے میں دیر نہ لگے، عوامی نیشنل پارٹی

پشتون افغان وطن ایک بار پھر عالمی طاقتوں کے درمیان پنجہ آزمائی کا مرکز بننے جا رہا ہے' اصغر خان اچکزئی' مابت کاکا

زور آور مفادات کی تلاش میں پشتون افغان وطن کو میدان جنگ بنانے کیلئے شعلوں کو ہوا دے رہے ہیں' اصغر علی ترین

حالات گھمبیر ہی کیوں نہ ہوں اے این پی عوامی مفادات کا تحفظ یقینی بنائے گی' رہنماؤں کا کلی کربلا میں شمولیتی اجتماع سے خطاب

چمن (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ درپیش سنگین قومی معاشی سیاسی چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے ہم فکر قوم دوست مترقی قوتوں کو مشترکہ جدوجہد کرنی ہوگی متحد نہ ہوئے تو فنا ہونے میں شاید دیر نہ لگے پشتون افغان وطن ایک بار پھر عالمی طاقتوں کے درمیان پنجہ آزمائی کا مرکز بننے جا رہا ہے زور آور ایک دوسرے کو زیر کرنے کیلئے پشتونوں افغانوں کے وسائل لوٹنے کی خاطر آگ کے شعلوں کو تپش دے رہا ہے بدامنی دہشت گردی مسلط کردہ ہے تاکہ یہاں سے حق کیلئے آواز نہ اٹھ سکے اور ان کے وسائل کو ہڑپ کیا جا سکے........ بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

دنیا کا سب سے بڑا مسئلہ فلسطین اور غزہ، امریکا جرم میں شریک، حافظ نعیم

گلوبل فلوٹیلا غزہ کی جانب گامزن ہے، اسرائیل غزہ میں نسل کشی کر رہا ہے، امیر جماعت اسلامی

کراچی (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ اس وقت پوری دنیا کا سب سے بڑا مسئلہ فلسطین اور غزہ ہے اور امریکا اس جرم میں شریک ہے۔ نیوز کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ گزشتہ روز بھی اسرائیل نے 83 سے زیادہ فلسطینیوں کو شہید کیا ہے، غزہ میں اس وقت بھی ہزاروں لوگ ملبے تلے دبے ہو........ بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

چین کی پاکستان کو 100 ملین یوآن امداد کی پیشکش

امداد سے قدرتی آفات سے نمٹنے کیلئے شراکت ہو سکے گی، ترجمان چینی سفارتخانہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان میں سیلابوں سے تباہی پر چین کی جانب سے بھرپور امداد کا اعلان کیا گیا ہے۔ چینی سفارتخانے کے ترجمان کے مطابق چین پاکستان کو 100 ملین یوآن کا اضافی امدادی سامان دے گا۔ چینی سفارتخانے کے ترجمان........ بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

بیٹا والد کو گھر سے کیسے نکال سکتا؟ دوسری شادی کرنا گناہ تو نہیں، سپریم کورٹ

لگتا ہے بچوں نے والد کو بہت ناراض کیا، بہتر ہے بچے والد سے صلح کرلیں، ریمارکس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ کے جج نے کیس کی سماعت کے دوران ریمارکس دیئے ہیں کہ بیٹا والد کو گھر سے کیسے نکال سکتا ہے؟ دوسری شادی کرنا گناہ تو نہیں۔ جمعہ کو جسٹس ہاشم کاکڑ کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے والد کے ساتھ بیٹا بیٹی کے تنازع جھگڑے کے کیس کی سماعت کی، جس میں وکیل نے موقف اختیار کیا کہ والد نے دوسری شادی کی........ بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

اینٹی کرپشن کی کارروائی، امیدواروں کے نمبروں اور نتائج میں تبدیلی، بورڈ آفس کے اہلکار گرفتار

امیدواروں کے نمبروں میں غیر قانونی تبدیلی، ڈی ایم سی میں ردو بدل اور آئی ٹی سسٹم کے ذریعے ریکارڈ میں ہیرا پھیری کی گئی

سسٹم اینالسٹ محمد اویس اور کمپیوٹر پروگرامر وسیم نور کے اقدامات سنگین بدعنوانیاں ہیں، انٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ، مقدمات درج

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان کے عملے نے بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کوئٹہ کے آئی ٹی ونگ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے کرپشن اور جعل سازی میں ملوث 2 ملازمان کو گرفتار کرلیا۔ اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان کے عملے نے خفیہ اطلاع ملنے پر ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن بلوچستان عبدالواحد کاکڑ کی جانب سے تحقیقاتی ٹیم تشکیل دی جس میں اسسٹنٹ ڈائریکٹرز انویسٹی گیشنز قمر بلوچ، انکوائری افسر محمد سفیان، انسپکٹر انویسٹی گیشن زبیر احمد، آئی ٹی ماہرین ڈائریکٹر سیف اللہ اور ڈپٹی ڈائریکٹر........ بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی سے پارلیمانی سیکرٹری نوابزادہ زرین خان مگسی ملاقات کر رہے ہیں

ایشیا کپ، بھارت نے سری لنکا کو سپر اوور میں شکست دیدی

دبئی (م ڈ) دبئی میں کھیلے گئے سپر 4 مرحلے کے آخری میچ میں بھارت نے پہلے کھیلتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 5 وکٹوں پر 202 رنز بنائے۔ جواب میں سری لنکا نے بھی 5 وکٹ پر 202 رنز بنائے۔ بھارت کی جانب سے ابھیشیک شرما نے 61، تلک ورما نے 49 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔ جو سمسن نے 39 اور اکشر پٹیل نے 21 رنز اسکور کیے۔

مولانا مودودی کی دین کیلئے جدوجہد مشعل راہ ہے' مولانا ہدایت الرحمان

طلبہ محنت اور خوب دل لگا کر علم حاصل کریں' ایم پی اے کا تقریب سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ مولانا سید ابو الاعلیٰ مودودی نے آسان الفاظ میں 6 جلدوں کی تفسیر تفہیم القرآن لکھ کر نوجوانوں اور طلباء کو قرآن پاک کے قریب کیا مولانا مودودی کی کتب کا دنیا کی چالیس زبانوں میں ترجمہ ہوا ہے اور دنیا بھر میں پڑھی جاتی ہیں مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی........ بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

ٹریفک حادثات و فائرنگ کے واقعات، 4 افراد ہلاک، لاش برآمد

لاش ضروری کارروائی کے بعد مردہ خانہ منتقل، فائرنگ و حادثات میں 4 افراد زخمی ہوئے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں مختلف واقعات میں 4 افراد ہلاک اور 4 زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز مچھ کے علاقے سے ایک نامعلوم شخص کی نعش ملی جسے ہسپتال منتقل کر دیا گیا، تاہم تاحال شناخت نہیں ہو سکی، لاش کو ضروری کارروائی کے بعد مردہ خانہ میں رکھ دیا گیا ہے، علاوہ ازیں کچلاک........ بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت بلوچستان کا یوتھ سمٹ منعقد کرنے کا اعلان

سمٹ میں نہ صرف بلوچستان بلکہ ملک بھر سے نوجوان شریک ہوں گے' مشیر کھیل مینا مجید بلوچ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایت پر حکومت بلوچستان، محکمہ یوتھ افیئرز اینڈ اسپورٹس کے زیراہتمام صوبے کی تاریخ کا ایک اہم اور منفرد یوتھ سمٹ منعقد کرنے کا اعلان کیا گیا ہے یہ تین روزہ یوتھ سمٹ 13 تا 15 اکتوبر کو بیوٹمز (BUTEMS) کوئٹہ میں منعقد ہوگی مشیر کھیل و امور نوجوانان مینا مجید بلوچ نے کہا ہے کہ یوتھ........ بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان پولیس میں تقرر و تبادلے

کوئٹہ (آن لائن) سینٹرل پولیس آفس بلوچستان کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز سی پی او کوئٹہ جاوید علی مہر کو ایڈیشنل آئی جی پولیس ایڈمنسٹریشن سی پی او کوئٹہ تعینات کیا گیا، تعیناتی کے منتظر پی ایس پی افسر حسن اسد علوی کو ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز سی پی او کوئٹہ اور تعیناتی کے منتظر پی ایس پی افسر محمد عابد خان کو اے آئی جی جنرل سی پی او تعینات کر دیا گیا۔

ڈھاڈر تیز رفتار گاڑی الٹنے سے 2 افراد زخمی

بولان (این این آئی) ڈھاڈر کے قریب تیز رفتار گاڑی بے قابو ہو کر الٹنے سے 2 افراد زخمی ہو گئے پولیس کے مطابق ڈھاڈر کے قریب بائی پاس پر تیز رفتار گاڑی ڈرائیور سے بے قابو ہو کر الٹ گئی جس کے نتیجے میں 2 افراد ریاض علی اور الطاف حسین زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر ایمبولینس کے ذریعے سول ہسپتال ڈھاڈر منتقل کر دیا گیا

ایم پی اے و سابق چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی سے ڈی جی بلدیات ایوب قریشی ملاقات کر رہے ہیں

پاک و ایران کو قریب لانے کیلئے تاریخی و ثقافتی رشتے قیمتی سرمایہ ہیں، علی رضا جائی

دونوں ممالک چاہتے ہیں کہ نجی شعبوں اور حکام کے درمیان رابطے مزید مستحکم کئے جائیں' مشیر ایرانی وزارت خارجہ

ایران و پاکستان تجارتی و سرمایہ کاری کے مواقعوں سے بھرپور استفادہ حاصل کریں' اصفہان میں نشست سے ایوب مریانی و دیگر کا خطاب

اصفہان / کوئٹہ (آن لائن) ایران کے وزارت خارجہ کے مشیر علی رضا جائی نے کہا ہے کہ ایران اور پاکستان کے تاریخی و ثقافتی رشتے دونوں ممالک کو قریب لانے کیلئے ایک قیمتی سرمایہ ہیں، اصفہان اور لاہور، بہ طور "شہر ہائے خواہر خواندہ (جڑواں شہر)"، اقتصادی، تجارتی، ثقافتی، علمی اور سیاحتی میدانوں میں وسیع تعاون کے امکانات رکھتے ہیں، پاکستان اور ایران دونوں چاہتے ہیں کہ دونوں ممالک کے نجی شعبوں اور حکام کے درمیان رابطے مزید مستحکم کئے جائیں اور علاقائی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر اقتصادی تعاون کو نئی بلندیوں تک پہنچایا جا........ بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ اور سینیٹر منظور کاکڑ سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو لعل جان جعفر سے ملاقات کر رہے ہیں

مسلمانوں کی ذلت کا بنیادی سبب دروغ گوئی ہے، مولانا شیرانی

آج اگر معاشرے سے جھوٹے لوگوں کی پیروی کی عادت نکل جائے تو موجودہ صورتحال بھی یقیناً تبدیل ہو جائے گی' رہبر جمعیت

برائی سے ایک دوسرے کو روکیں گے تو انتشار بھی پیدا نہیں ہوگا اور عمل کی کمزوری بھی نکل جائے گی' جلسہ دستار بندی سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) رہبر جمعیت مولانا محمد خان شیرانی نے کہا ہے کہ مسلمانوں کی ذلت اور مظلومیت کا بنیادی سبب دروغ گوئی کی عادت ہے پیغمبر اسلامؐ کے فرمان کے بمصداق کسی قوم کا اجتماعی کردار جس قسم کا ہوگا ان کی قومی حاکمیت بھی اسی طرز کی ہوگی جب مسلمان من حیث القوم جھوٹے، خیانت کار دو غلے اور خود غرض ہوں گے ان کے حاکم بھی جھوٹے، خیانت کار اور خود غرض ہوں گے لہٰذا ہمیں صورتحال کو تبدیل کرنے کیلئے اپنا اجتماعی کردار تبدیل کرنا ہوگا آج اگر ہمارے معاشرے سے جھوٹ اور جھوٹے لوگوں کی پیروی کی عادت........ بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

ٹانک، نامعلوم افراد نے امن کمیٹی کے صدر کو گھر میں گھس کر قتل کر دیا

ٹانک (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے ضلع ٹانک میں امن کمیٹی کے صدر کو قتل کر دیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق فائرنگ کا واقعہ ٹانک میں کوٹ خدک کے علاقے میں پیش آیا جہاں رات گئے مسلح افراد نے امن کمیٹی کے صدر کے گھر پر فائرنگ کر دی۔ ڈی پی او شبیر حسین شاہ نے بتایا کہ فائرنگ کے نتیجے میں امن کمیٹی کے صدر صلاح الدین جاں بحق اور ان کے بھائی زخمی ہوئے ہیں۔ ڈی پی او نے بتایا کہ صلاح الدین کی لاش اور زخمی کو ہیڈ کوارٹر ہسپتال ٹانک منتقل کر دیا گیا

جلسوں سے بانی پی ٹی آئی آزاد نہیں ہوں گے، گورنر کے پی

جلسہ ٹیکس پیئرز کے پیسوں پر بوجھ، لوگوں کو کرائے پر لایا جائے گا، میڈیا سے گفتگو

پشاور (بیورو رپورٹ) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ یہ جلسہ کرنے کا موقع نہیں، جلسوں سے بانی پی ٹی آئی آزاد نہیں ہوں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جلسہ ٹیکس پیئرز کے پیسوں پر بوجھ ہے، جلسے کے لیے لوگوں کو کرائے پر لایا جائے گا۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور واضح پالیسی دیں، اداروں کے ساتھ ہیں یا دہشت گردوں کے ساتھ، ایک بندہ ایک بیان دیتا ہے، دوسرا کچھ........ بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

ایف بی آر کی ان لینڈ ریونیو افسران کی ہفتہ وار چھٹیاں منسوخ

ٹیکس دہندگان کو ریٹرن جمع کرانے میں سہولت دینے کیلئے دفاتر کھلے رکھنے کی ہدایت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایف بی آر نے ان لینڈ ریونیو افسران کی ہفتہ وار چھٹیاں منسوخ کر دیں۔ ٹیکس دہندگان کو ریٹرن جمع کرانے میں سہولت دینے کے لیے ایف بی آر کی 27 اور 28 ستمبر 2025 کو دفاتر کھلے رکھنے کی ہدایت۔ بڑے ٹیکس دہندگان کے دفاتر عام کام کے دنوں کی طرح کھلے رہیں گے، میڈیم ٹیکس دہندگان کے دفاتر بھی ہفتہ اور اتوار کو معمول کے مطابق کھلیں گے، کارپوریٹ ٹیکس آفسز کو بھی 27 اور 28 ستمبر کو کام........ بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

عوام کیلئے آواز بلند کرنے پر میڈیا ٹرائل شروع ہو گیا' لیاقت لہڑی

وزارت پارٹی کی امانت، حکومت جب چاہے واپس لے' پارلیمانی سیکرٹری پیپلز پارٹی

ہماری کوشش ہے نوجوانوں و عوام میں پائے جانے والے تحفظات دور کریں' میڈیا سے گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے پارلیمانی سیکرٹری میر لیاقت علی لہڑی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے مسائل کے حل اور لوگوں کی مشکلات کے بارے میں اسمبلی فلور پر آواز اٹھانے کے بعد میرے خلاف انتقامی کارروائی کرتے ہوئے میرا میڈیا ٹرائل شروع کر دیا گیا ہے وزارت پارٹی کی امانت حکومت جب چاہے واپس لے سکتی ہے میں عوام کا منتخب نمائندہ ہوں اور ان کے مسائل کے حل، روزگار کی فراہمی، بے روزگاری کے خاتمے، امن کی بحالی........ بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر سردار عبدالرحمٰن کھیتران شہید فوجی اہلکاروں کے لواحقین سے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

بلوچستان سنگین بدامنی، خوف کے ماحول سے دوچار ہے، جمعیت

بدامنی ٹارگٹ کلنگ، اغواء برائے تاوان جیسے واقعات کے باعث خوف طاری عوام کا تحفظ ریاست کی ذمہ داری ہے' حافظ حسین احمد شرودی

جمعیت ملک میں شریعت کی بالادستی، عدل و انصاف کیلئے جدوجہد جاری رکھے گی' مولانا محمد طاہر توحیدی' مفتی نیک محمد فاروقی

جمعیت بھرپور عوامی تحریک چلائے گی جس کا آغاز 14 اکتوبر کو قلعہ سیف اللہ میں منعقدہ مفتی محمود کانفرنس سے کیا جائے گا' پریس کانفرنس

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی ضلعی سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی اور معاون سیکرٹری اطلاعات مولانا مفتی نیک محمد فاروقی نے جمعہ کے روز کلی چلتن ریکسائی ہزار گنجی میں واقع الجمعیت ہاؤس میں مجمع المدارس یونٹ کی مجلس عاملہ، مجلس شوریٰ اور سینئر ساتھیوں کے ایک اہم اجلاس کے بعد پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب میں رہنماؤں نے 14 اکتوبر کو ہونے والی منفرد اسلام مولانا مفتی محمود کانفرنس کو بلوچستان کی سیاست اور عوامی حقوق کے حوالے سے دور رس نتائج کا حامل قرار دیتے........ بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر